آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 34 | بروز جمعہ 23 ستمبر 2022ء بمطابق 26 صفر 1444ھ | شمارہ نمبر 223

ہمیں بھیک نہیں عالمی برادری سے انصاف چاہیے

وزیر خارجہ

سیلاب عالمی تباہی ہے اور اس کا ادراک بھی عالمی سطح پر ہونا چاہیے، اس وقت ہم ریلیف اور ریسکیو مرحلے میں ہیں جس کے بعد تعمیر نو کے مرحلے میں داخل ہوں گے

پاکستان میں سیلاب سے 1500 سے زائد اموات ہوئی ہیں، سیلاب کے بعد صحت اور خوراک جیسے بحرانوں کا سامنا ہے، پاکستان کو اس وقت 30 ارب ڈالر امداد کی ضرورت ہے

بھارت کی فسطائی، اسلاموفوبیا پر مبنی پالیسی کی وجہ سے وہاں مسلمان غیر محفوظ ہیں، بھارت کے ساتھ اس وقت کسی قسم کے رابطے نہیں، وزیر خارجہ کا انٹرویو

نیویارک (این این آئی) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ہمیں بھیک نہیں عالمی برادری سے انصاف چاہیے، سیلاب عالمی تباہی ہے اور اس کا ادراک بھی عالمی سطح پر ہونا چاہیے، اس وقت ہم ریلیف اور ریسکیو مرحلے میں ہیں جس کے بعد تعمیر نو کے مرحلے میں داخل ہوں گے، بھارت کی فسطائی، اسلاموفوبیا پر مبنی پالیسی کی وجہ سے وہاں مسلمان غیر محفوظ ہیں، بھارت کے ساتھ اس وقت کسی قسم کے رابطے نہیں۔ فرانسیسی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سیلاب سے 1500 سے زائد اموات ہوئی ہیں، سیلاب کے بعد صحت اور خوراک جیسے بحرانوں کا سامنا ہے، پاکستان کو اس بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

نیویارک: وزیر اعظم شہباز شریف بل گیٹس سے ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30

اہل تشیع

فجر صبح	05:15
ظہرین	01:00
مغربین	7:00

سیلابی صورتحال کے باعث پوری دنیا کو پاکستان کا ساتھ دینا ہوگا، وزیر اعظم

سیلابی صورتحال کے باعث پوری دنیا اور اداروں کو پاکستان کا ساتھ دینا ہوگا، کھڑے پانی سے وبائی امراض پھوٹنے کا خدشہ ہے، لاکھوں بچے خوراک سے محروم ہیں

ہم آئی ایم ایف پروگرام کی پوری طرح پاسداری کریں گے، موجودہ صورتحال میں پاکستان اپنے وسائل سے معاشی اور سیلابی چیلنجز کا مقابلہ کرنے سے قاصر ہے

نیب میں دائر ریفرنس میں وفاقی وزیر احسن اقبال کی بے گناہی پر انہیں مبارکباد پیش کرتا ہوں، ہائی کورٹ نے انہیں جو کلین چٹ دی ہے، یہ خوش آئند بات ہے' اجلاس سے خطاب

نیویارک (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ سیلابی صورتحال کے باعث پوری دنیا اور اداروں کو پاکستان کا ساتھ دینا ہوگا، کھڑے پانی سے وبائی امراض پھوٹنے کا خدشہ ہے، لاکھوں بچے خوراک سے محروم ہیں، ہم آئی ایم ایف پروگرام کی پوری طرح پاسداری کریں گے، موجودہ صورتحال میں پاکستان اپنے وسائل سے معاشی اور سیلابی چیلنجز کا مقابلہ کرنے سے قاصر ہے۔ سیلاب متاثرین کی بحالی کے حوالہ سے آن لائن جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ نیب میں دائر ریفرنس میں وفاقی وزیر احسن اقبال کی بے گناہی پر انہیں مبارکباد پیش کرتا ہوں، ہائی کورٹ نے انہیں جو کلین چٹ دی ہے، یہ خوش آئند بات ہے، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ کس طریقے سے گذشتہ حکومت نے اپوزیشن کو جھوٹے بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے صوبائی وزیر عبدالرحمن کھتران، سینیٹر منظور کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

صوبے میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں پر معیار اور شفافیت اولین ترجیح ہونی چاہیے، علی اکبر بلوچ

سی زون میں جاری ترقیاتی اسکیمات کو اپنے وقت مقررہ پر مکمل کیا جائے' سیکرٹری مواصلات و تعمیرات

صوبے کی ترقی اور خوشحالی کے لیے محکمہ مواصلات و تعمیرات کا ایک کلیدی کردار ہے

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات علی اکبر بلوچ کی زیر صدارت پی ایس ڈی پی 22-2021 اسکیمات میں شامل سی زون میں شامل روڈ سیکٹرز اسکیمات کے حوالے ڈویلپمنٹ سب کمیٹی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں چیف انجینئر ڈیزائن سجاد بلوچ اور محکمہ پی اینڈ ڈی کے نمائندے کے علاوہ سی ڈویژن اور نصیر آباد ڈویژن کے ضلعی انجینئرز و آفیسران نے شرکت کی اجلاس میں سی ڈویژن اور نصیر آباد ڈویژن کے مختلف اضلاع میں روڈ سیکٹرز کی اسکیمات پر پیش رفت کا تفصیلی بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

وزیر خارجہ سے ہنگری کے وزیر خارجہ کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

پاکستان ہنگری کے ساتھ دوطرفہ اور یورپی یونین کے تناظر میں اپنے تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے

نیویارک (این این آئی) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے ہنگری کے وزیر خارجہ اور تجارت پیٹر زیجارتو سے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 77 ویں اجلاس کے موقع پر ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات پر گفتگو کی گئی۔ دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں کے درمیان یہ ملاقات بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں سیلاب سے تباہ کاریاں اور وبائی امراض کا پھیلاؤ حکومت بلوچستان کے ذمہ دار محکموں کے وزراء منظر عام سے غائب ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں سیلاب سے تباہ کاریاں اور وبائی امراض کا پھیلاؤ حکومت بلوچستان کے ذمہ دار محکموں کے وزراء منظر عام سے غائب ہو گئے۔ بلوچستان میں ماہ جون سے شروع ہونے والے مون سون بارشیں جو اگست تک جاری رہیں سے آنے والے سیلابی ریلوں نے بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

اے این پی کو کابینہ سے نکالنے کی باتیں محض افواہیں ہیں' زمرک خان اچکزئی

وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس بابت کوئی بات نہیں کی، صورتحال واضح ہونے پر فیصلہ کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر خوراک انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ اے این پی کو کابینہ سے نکالنے کی باتیں محض افواہیں ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس بابت کوئی بات نہیں کی، صورتحال واضح ہونے پر فیصلہ کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: سربراہ بی این پی سردار اختر مینگل وفاقی وزیر مولانا عبدالواسع ملاقات کر رہے ہیں

جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے درمیان حکومت میں شمولیت کے حوالے طریقہ کار پر مشاورت جاری

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے درمیان حکومت میں شمولیت کے حوالے طریقہ کار پر مشاورت جاری صوبائی وزراء کی حلف برداری کی تقریب ملتوی کر دی گئی۔ جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے سینیٹر رہنماء نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ جمعیت علماء اسلام اور ز بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر عبدالقدوس بزنجو نے پنجگور میں طاعون کے قتل کا نوٹس لیتے ہوئے واقعہ کی انکوائری رپورٹ طلب کر لی

واقعہ میں ملوث عناصر کے خلاف فوری کاروائی عمل میں لائی جائے' وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے پنجگور میں طالبعلم کے قتل کا نوٹس لیتے ہوئے واقعہ کی انکوائری رپورٹ طلب کر لی۔ وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے طالبعلم کے قتل پر دلی دکھ اور غم کا اظہار کرتے ہوئے پولیس حکام کو ہدایت کی کہ واقعہ میں ملوث عناصر کے بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف تھانوں کے ایس ایچ او تبدیل کر دیے گئے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف تھانوں کے ایس ایچ او تبدیل کر دیے گئے، سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

جمعیت علماء اسلام کی صوبائی کابینہ میں ممکنہ شمولیت اور وزارتوں کے قلمدانوں میں ردوبدل

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کی صوبائی کابینہ میں ممکنہ شمولیت اور وزارتوں کے قلمدانوں میں ردوبدل، صوبائی وزیر بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

ہمیں تعلیم و تحقیق کی بدولت ترقی کے منازل طے کرنے ہوں گے' ڈاکٹر شفیق الرحمان

کوئٹہ (این این آئی) جامعہ بلوچستان کے اکیڈمک کونسل کا 86 واں اجلاس زیر صدارت جامعہ کے وائس چانسلر بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

حکومت کی جانب سے شمولیت کی دعوت ملی' عبدالواحد صدیقی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے رکن صوبائی اسمبلی عبدالواحد صدیقی نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے شمولیت بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

پاکستان میں مزید 2 کورونا مریض جان کی بازی ہار گئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں کورونا وائرس کے باعث مزید 2 مریض جان کی بازی ہار گئے۔ تفصیلات کے بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

کراچی میں ڈینگی سے مزید 261 افراد متاثر، اسپتالوں میں جگہ کم پڑ گئی

کراچی (این این آئی) شہر میں ڈینگی مریضوں کی تعداد بڑھنے لگی ہے، مزید 261 کیسز رپورٹ کر دیے گئے بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

عالمی منڈی میں قیمتیں کم، عوام سے پیٹرول پر 64.17 روپے ٹیکس وصولی

کراچی (این این آئی) دنیا بھر میں جب پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھتی ہیں تو پاکستان کے عوام پر بھی اضافی بوجھ ڈال دیا بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی نے تعزیرات پاکستان میں بغاوت کی دفعہ 124 اے چیلنج کر دی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے تعزیرات پاکستان میں بغاوت کی دفعہ 124A اسلام آباد ہائی بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

عمران خان جانتے ہیں جج سے ذاتی حیثیت میں معافی مانگنے کیلئے تیار، فرد جرم کی کارروائی مؤخر

بیان حلفی جمع کرانے کی ہدایت

اگر عدالت کہے تو میں خاتون جج کے سامنے جا کر معافی مانگنے کو تیار ہوں، یقین دلاتا ہوں آئندہ ایسی کوئی بات نہیں کرونگا، سابق وزیر اعظم

حقیقی آزادی کے لیے مافیا سے جنگ لڑ رہا ہوں، عدلیہ سے کبھی نہیں لڑوں گا، سابق وزیر اعظم کی اسلام آباد ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں ایڈیشنل جج زیبا چوہدری سے متعلق دیئے گئے بیان پر سابق وزیر اعظم اور پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کے خلاف توہین عدالت پر فرد جرم عائد کرنے کیلئے سماعت کے دوران عمران خان نے معافی مانگتے ہوئے کہا ہے کہ میں خاتون جج کے پاس جا کر معافی مانگنے کے لیے تیار ہوں۔ جمعرات کو خاتون جج کو دھمکی دینے سے متعلق توہین عدالت کیس کی سماعت اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اطہر من اللہ کی سربراہی میں جسٹس محسن اختر کیانی، جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب، جسٹس طارق محمود جہانگیری اور جسٹس بابر ستار پر مشتمل 5 رکنی بینچ بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

اپنی تہذیب، تمدن اور ثقافت سے نابلد قومیں صفحہ ہستی سے مٹ جاتی ہیں' مابت کاکا

پشتون ثقافت ہزاروں سال کا طویل تاریخی سفر طے کر کے ہم تک پہنچی ہے

لورالائی/کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا نے کہا ہے کہ اپنی تہذیب، تمدن اور ثقافت سے نابلد قومیں صفحہ ہستی سے مٹ جاتی ہیں ادیبوں اور دانشوروں کو ثقافت کی ترویج و اشاعت کے لئے علمی بنیادوں پر کام کرنے کے ساتھ ساتھ ان سازشوں سے بھی قوم کو خبردار کرنا چاہئے جو آج کے پرآشوب دور میں پشتون ثقافت کے خلاف بھی ہو رہی ہیں ایک منظم سازش اور سوچے سمجھے منصوبے کے تحت پشتون ثقافت کو داغدار کرنے کی کوششیں ہو رہی ہیں، پشتون ثقافت ہزاروں سال کا طویل تاریخی سفر طے کر کے ہم تک پہنچی ہے اس کی بقا اور تحفظ کے لئے ہمیں جدید علمی اور سائنسی بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: سابق وزیر اعظم عمران ہائی کورٹ پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

بلوچستان سمیت ملک بھر میں سیلاب نے تباہی مچا دی ہے' ثناء اللہ خان زہری

لوگوں کے زندگی کی جمع پونجی اور ان کے گھر صفحہ ہستی سے مٹ چکے ہے' سابق وزیر اعلیٰ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان نیشنلز پارٹی کے مرکزی رہنما سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری سے پاکستان نیشنلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن حاجی شریف خان غلجی کی وفد کی ملاقات ہوئی۔ وفد میں نیشنلز پارٹی ضلع کوئٹہ کے جنرل سیکرٹری ملک ولی محمد ورگ، سیکرٹری اطلاعات میشن ظفر اللہ بیزادو، میڈیا کوآرڈینیٹر مطیع اللہ بیزادو، حاجی متین خان غلجی اور دیگر موجود تھے۔ ملاقات میں پارٹی امور اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

عوام نے 5 سال کیلئے منتخب کیا، PTI پارلیمان میں جا کر کردار ادا کرے

چیف جسٹس

عدالت عالیہ نے پی ٹی آئی سے کہا کہ عدالت کو مطمئن کریں کہ ہائی کورٹ کے حکم میں کیا کمی ہے

عدالت عظمیٰ نے پی ٹی آئی کو مرحلہ وار استعفوں کی منظوری کیخلاف کیس تیار کرنے کا ایک اور موقع دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے تحریک انصاف کو قومی اسمبلی میں واپسی کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ عوام نے 5 سال کیلئے منتخب کیا ہے، پی ٹی آئی پارلیمنٹ میں اپنا کردار ادا کرے کیونکہ پارلیمان میں کردار ادا کرنا ہی اصل فریضہ ہے۔ سپریم کورٹ میں چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی زیر سربراہی دو رکنی بینچ نے پی ٹی آئی اراکین کے قومی اسمبلی سے مرحلہ وار استعفوں کی منظوری کے خلاف کیس کی سماعت کی۔ عدالت عظمیٰ نے کہا کہ ہائی کورٹ کے حکم میں واضح کیا گیا کہ اسپیکر کی جانب سے مرحلہ وار استعفوں کی منظوری کی قانونی حیثیت ہے، بظاہر اسپیکر کے اختیار میں مداخلت سے آرٹیکل 69 متاثر ہو سکتا ہے۔ عدالت عالیہ نے پی ٹی آئی سے کہا کہ عدالت کو مطمئن کریں کہ ہائی کورٹ کے حکم میں کیا کمی ہے۔ پی ٹی آئی کے وکیل نے کہا کہ ہائی کورٹ نے قرار دیا کہ اسپیکر کے کام میں مداخلت نہیں کر سکتے جس پر جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا کہ جسٹس اطہر من اللہ نے گمراہی سے قانون کا بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

انتخابات نہ ہونے کا نقصان انتخابات نہ کرنے سے کہیں بڑا ہے، فواد چوہدری

پی ٹی آئی کو اندازہ ہے 123 ضمنی انتخابات پر کتنے اخراجات ہوں گے؟

سپریم کورٹ کو اندازہ نہیں رجیم چینج آپریشن میں پاکستان کو اب تک 5 ارب ڈالر کا نقصان ہو چکا ہے، سابق وزیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری نے سپریم کورٹ کے پی ٹی آئی کو قومی اسمبلی میں واپسی کے مشورے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ انتخابات نہ ہونے کا نقصان انتخابات نہ کرنے سے کہیں بڑا ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر پر جاری کیے گئے بیان میں فواد چوہدری نے کہا کہ سپریم کورٹ نے کہا کہ پی ٹی آئی کو اندازہ ہے 123 ضمنی انتخابات پر کتنے اخراجات ہوں گے؟ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کو اندازہ نہیں رجیم چینج آپریشن میں پاکستان کو اب تک 5 ارب ڈالر کا نقصان ہو چکا ہے۔

پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کا سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ریلیف اور متاثرین کی بحالی کے لیے امدادی سرگرمیاں جاری

سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں راشن کے پیکٹس ہیلی کاپٹرز کے ذریعے بھی پہنچائے جا رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کا سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ریلیف اور متاثرین کی بحالی کے لیے امدادی سرگرمیاں جاری سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پاکستان آرمی اور ایف سی کے جوان سول انتظامیہ کے ہمراہ امدادی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

حالیہ مون سون بارشوں کے دوران 50 لاکھ ایکڑ زمین متاثر ہوئی ہے، اسد بلوچ

بلوچستان حکومت اپنے وسائل میں رہتے ہوئے سیلاب متاثرین کی مدد کر رہی ہے

زمینداروں کے مطابق دو لاکھ پچاس ہزار ایکڑ پر کھڑی فصلیں تباہ ہو چکی ہے، صوبائی وزیر زراعت

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر زراعت اسد بلوچ اللہ بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں حالیہ مون سون بارشوں کے دوران 50 لاکھ ایکڑ زمین متاثر ہوئی ہے، زمینداروں کے مطابق دو لاکھ پچاس ہزار ایکڑ پر کھڑی فصلیں تباہ ہو چکی ہے، بلوچستان حکومت اپنے وسائل میں رہتے ہوئے سیلاب متاثرین کی مدد کر رہی ہے لیکن اگلی دوبارہ آبادکاری مرکزی حکومت کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں، ہمیں اپنے ذاتی اختلافات ایک طرف رکھ کر وفاق کے سامنے اپنا کیس رکھنا چاہیے، اگر وفاقی حکومت نے ہماری مدد نہیں کی تو سیلاب متاثرین کی دوبارہ آبادکاری ممکن نہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے "آن لائن" سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، صوبائی وزیر زراعت اسد بلوچ نے کہا کہ حالیہ مون سون بارشوں سے بلوچستان کے 32 اضلاع متاثر ہوئے ہیں، جب ہم نے بلوچستان اسمبلی سے مشترکہ قرارداد منظور کی تو اس میں ہم نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ سیلاب متاثرین کی دوبارہ آبادکاری کیلئے مرکز اپنا کردار ادا کریں، انہوں نے بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

مولانا فضل الرحمن سیاست اسلام کیلئے نہیں اقتدار کیلئے کر رہے ہیں، اسد قیصر

شہباز شریف کی فرانس کے صدر سے ملاقات پر مولانا فضل الرحمن خاموش ہیں

یہ لوگ اقتدار کیلئے کچھ بھی کر سکتے ہیں' عدالتوں پر اعتماد ہے ہمیں انصاف ملے گا

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمن سیاست اسلام کیلئے نہیں اقتدار کے لیے کر رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسد قیصر نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن کا پہلے فرانس کے متعلق کیا موقف تھا اور اب کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف کی فرانس کے صدر سے ملاقات پر مولانا فضل الرحمن خاموش ہیں، یہ لوگ اقتدار کیلئے کچھ بھی کر سکتے ہیں۔ سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا کہ عدالتوں پر اعتماد ہے ہمیں انصاف ملے گا۔

اپنی تہذیب، تمدن اور ثقافت سے نابلد قومیں صفحہ ہستی سے مٹ جاتی ہیں' مابت کاکا

پشتون ثقافت ہزاروں سال کا طویل تاریخی سفر طے کر کے ہم تک پہنچی ہے

آفات سے دوچار ملکوں کیلئے عالمی فنڈ ہونا چاہیے، حنا ربانی کھر

نیویارک (این این آئی) وزیر مملکت برائے امور خارجہ حنا ربانی کھر نے کہا ہے کہ عالمی سطح پر ایسا فنڈ ہونا چاہیے جو ماحولیاتی آفات سے دوچار پاکستان جیسے ممالک کی مدد کر سکے۔ ایک انٹرویو میں سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے مختلف فورمز پر عالمی رہنماؤں سے ملاقات مثبت رہی۔ حنا ربانی کھر نے کہا کہ سیاست ہوتی رہے گی اس وقت پاکستان کے لیے کام کریں گے۔

اس مرتبہ رانا ثناء اللہ کو اسلام آباد میں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی، عمران خان

25 مئی کو ہماری تیاری نہیں تھی، اس مرتبہ بھرپور تیاری کے ساتھ آئیں گے، پارٹی رہنماؤں سے خطاب

ہفتے والے دن فیصلہ کرونگا کس دن کال دینی ہے، فیصلہ تب کرونگا جب سمجھوں گا میرے ٹائیگر تیار ہیں، پارٹی کنونشن سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے وفاقی وزیر داخلہ کو براہ راست دھمکی دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس مرتبہ رانا ثناء اللہ کو اسلام آباد میں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی۔ پارٹی کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 25 مئی کو ہماری تیاری نہیں تھی لیکن اس مرتبہ بھرپور تیاری کے ساتھ آئیں گے۔ عمران خان نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہمارے حکمرانوں نے 80 ہزار پاکستانیوں نے جانوں کا نذرانہ پیش کیا کیونکہ کسی اور کی جنگ میں شامل ہوئے اور ملک بھی تباہ ہوا اور قبائلی علاقوں میں 400 ڈرون حملے ہوئے۔ انہوں نے مسلم لیگ (ن) کے قائد اور پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین کو مخاطب کر کے کہا کہ نواز شریف اور آصف علی زرداری دونوں غلام ہیں جن کا پیسہ ملک سے باہر ہے، ان دونوں نے ڈرون حملوں بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

کراچی سے پشاور تک مسافر ٹرینیں یکم اکتوبر سے بحال کرنے کا فیصلہ

نوابشاہ، پڈعیدن سیکشن ٹریک کی بحالی پر 24 گھنٹے کام جاری ہے، پاکستان ریلوے

کراچی (این این آئی) پاکستان ریلوے نے کراچی سے پشاور تک مسافر ٹرینیں یکم اکتوبر سے بحال کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ پاکستان ریلوے کے مطابق سندھ میں نوابشاہ، پڈعیدن سیکشن ٹریک کی بحالی پر 24 گھنٹے کام جاری ہے۔ اس کے علاوہ کراچی سے لاہور اپ سائیڈ ٹریک پر پانی کی سطح کم ہوئی ہے اور مال گاڑیاں جزوی طور پر بحال کر دی گئی ہیں۔ ٹریک کی جانچ کے لیے پانی سے 2 انجنوں کو استعمال کرتے ہوئے مال گاڑی کو گزارا گیا۔ تاہم لاہور کی طرف کراچی ڈاؤن سائیڈ ٹریک بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر احسن اقبال کرتار پور میں بابا گرونانک کی 483 ویں برسی کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

چاغی میں ٹریفک کے مختلف حادثات میں تین افراد جاں بحق تین زخمی

دالبندین (این این آئی) چاغی میں ٹریک کے مختلف حادثات میں تین افراد جاں بحق تین زخمی ہو گئے۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق ماشکیل بگ ایریا میں پک اپ گاڑی الٹنے سے دو افراد جاں بحق تین زخمی ہو گئے دالبندین ڈھدر کے مقام پر تیز رفتار گاڑی عبدالرب نامی نوجوان کو کچل بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں سیلاب سے اموات کا سلسلہ تھم نہ سکا، جاں بحق افراد کی تعداد 304 ہو گئی

بلوچستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران سیلاب کے نتیجے میں ہونے والے حادثات میں مزید تین افراد کے جاں بحق ہونے کی تصدیق

سب سے زیادہ 40 ہلاکتیں کوئٹہ، ژوب سے 23 اور لسبیلہ سے 21 اموات رپورٹ ہوئیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں سیلاب سے اموات کا سلسلہ تھم نہ سکا، جاں بحق افراد کی تعداد 304 ہو گئی، بلوچستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران سیلاب کے نتیجے میں ہونے والے حادثات میں مزید تین افراد کے جاں بحق ہونے کے بعد صوبے میں کیم جون سے اب تک جاں بحق ہونے والے افراد کی تعداد 304 ہو گئی، گزشتہ 24 گھنٹوں میں سیلاب کے نتیجے میں ہونے والے حادثات میں مرد اور خاتون سمیت ایک بچے کے جاں بحق ہونے کی تصدیق کر دی گئی ہے، جاں بحق ہونے والے تینوں افراد کا تعلق ضلع جعفر آباد سے ہے، پراونشل ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) کی جاری کردہ بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

حالیہ مون سون بارشوں سے بلوچستان کے 32 اضلاع بری طرح متاثر ہوئے' نصیر احمد ناصر

صوبے بھر میں پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا ریلیف اور ریسکیو آپریشن جاری ہے

نصیر آباد (آن لائن) ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے نصیر احمد ناصر نے کہا ہے کہ حالیہ مون سون بارشوں سے بلوچستان کے 32 اضلاع بری طرح متاثر ہوئے 300 سے زائد اموات ہوئیں صوبے بھر میں پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا ریلیف اور ریسکیو آپریشن جاری ہے تین ماہ سے زائد بلوچستان کے متاثرہ عوام کی خدمت جاری ہے، بحالی کا عمل انتہائی دشوار ہے مگر ہم سب کو پختہ عزم کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا پی ڈی ایم اے کی جانب سے نصیر آباد ڈویژن میں ملیریا کیمپ، ریلیف کیمپ، ٹائیفائڈ کیمپ اور جلد کی بیماریوں بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ایران میں مظاہرے شدت اختیار کر گئے

جھڑپوں میں 8 ہلاک

تہران (این این آئی) ایران میں پولیس تشدد سے نوجوان لڑکی مہسا امینی کی ہلاکت کیخلاف احتجاج میں شدت آ گئی۔ سکیورٹی فورسز نے مظاہرین کو منتشر کرنے کیلئے طاقت کا استعمال کیا جس کے نتیجے میں اب تک 8 افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے نے مقامی شہریوں کے حوالے بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

سیلاب سے متاثرہ بلوچستان کے چار اضلاع کی 11 یونین کونسلوں کی 65 وارڈز میں پولنگ 27 ستمبر 2022ء کو ہوگی، الیکشن کمیشن آف پاکستان

کوئٹہ (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق سیلاب سے متاثرہ بلوچستان کے چار اضلاع کی 11 یونین کونسلوں کی 65 وارڈز میں پولنگ 27 ستمبر 2022ء کو ہوگی، پولنگ کا عمل صبح 8 بجے شروع ہو کر بغیر کسی وقفے کے شام 5 بجے تک جاری رہے گا۔ واضح رہے کہ قبل ازیں الیکشن کمیشن نے ان وارڈز میں بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

عراقی حکومت سے زائرین معاہدے کی جلد توثیق کی درخواست ہے، وزیر داخلہ

وزیر داخلہ کی عراقی سفیر سے ملاقات، پاک، عراق زائرین معاہدے کی یادداشت پر رواں برس دستخط کرنے پر اتفاق

معاہدے سے پاکستانی زائرین کیلئے ویزا کوٹہ مختص ہوگا، پیشہ وارانہ ٹور آپریٹرز دستیاب ہونگے، وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے پاکستان میں تعینات عراقی سفیر حامد عباس لفتاہ سے ملاقات کی جس میں پاکستان اور عراق کے درمیان "زائرین معاہدے" کو حتمی شکل دینے کے حوالے سے گفتگو اور پاک، عراق زائرین معاہدے کی یادداشت پر رواں برس دستخط کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ جاری اعلامیے کے مطابق ملاقات میں زائرین کی سفری سہولت کیلئے کراچی اور بصرہ کے درمیان جلد فیری سروس شروع کرنے اور ملاقات میں عراق جانے والے پاکستانی زائرین کیلئے ویزا کوٹہ مختص کرنے کی تجویز پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق عراق جانے والے پاکستانی زائرین کیلئے ویزا کوٹہ میں اضافہ اور دیگر سفری سہولیات کے حوالے سے تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر داخلہ نے اربعین کے موقع پر پاکستانی ز

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

23 ستمبر 2022ء

سیلاب متاثرین میں وبائی امراض میں تشویشناک اضافہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے سیلاب متاثرین میں وبائی امراض میں تشویشناک اضافہ ہوگیا ہے، میڈیا رپورٹس کے مطابق بلوچستان وسندھ کے کے سیلاب متاثرین کی مشکلات میں کمی آنے کے بجائے روز بروز اضافہ ہوتا جارہا ہے، متاثرین وبائی امراض میں جکڑتے جارہے ہیں اور اسپتالوں میں ڈاکٹرز کی کمی کا بھی سامنا ہے۔ بلوچستان کے ضلع نصیر آباد کے سیلاب متاثرین گیسٹرو اور ملیریا سمیت مختلف وبائی امراض کا شکار ہورہے ہیں، ضلعی ہیڈکوارٹرز اسپتال میں روزانہ 2000 سے زائد مریض آرہے ہیں مگر کسی کو ڈاکٹر دستیاب نہیں تو کوئی دوائی کے لیے پریشان ہے جبکہ اسپتال میں ملیریا کی ویکسین بھی موجود نہیں ہے۔ دوسری جانب سندھ میں سیلاب اور بارش کے پانی کی عدم نکاسی سے بیماریوں میں شدت آگئی ہے، دادو میں گیسٹرو، ملیریا، دیگر بیماریوں سے مزید 3 افراد انتقال کرگئے جس سے ضلع میں جاں بحق افراد کی تعداد 23 ہوگئی ہے۔ دادو کے سرکاری اور نجی اسپتالوں میں مریضوں کی تعداد 8000 کے قریب ریکارڈ کی گئی ہے، دادو کے بچاؤ بند، سپر یو بند اور مین نارا ویلی ڈرین پر لاکھوں لوگ کھلے آسمان تلے امداد کے منتظر ہیں۔ ادھر کاچھو کے سینکڑوں دیہات کا جوہی سے 42 روز بعد بھی زمینی رابطہ منقطع ہے جبکہ خیر پور ناتھن شاہ، فرید آباد اور بھان سعید آباد میں 21 روز بعد بھی بجلی بحال نہیں ہوسکی ہے۔ بھان سعید آباد رنگ بند ایریا، گرڈ اسٹیشن سے پانی کی نکاسی کے لیے ہیوی مشینری پہنچ گئی جبکہ پانی کے اخراج کے لیے انڈس لنک کینال کو دوسرا کٹ بھی لگا دیا گیا ہے۔

مدارس ومساجد کے بجلی بلز پر از خود نوٹس (آخری قسط)

غیر اسلامی، غیر آئینی اور غیر اخلاقی عمل ہے ..... عرض ہے کہ علما، خطیب اور دینی جماعتوں و تنظیموں کے عہدیداروں میں مدارس و مساجد کے ناقابل برداشت بجلی بلوں کی موجودہ صورتحال کیخلاف شدید اشتعال پایا جارہا ہے۔ مساجد و مدارس کی انتظامیہ مجبور ہورہی ہے کہ اپنی صدائے احتجاج اسلام آباد کے حکومتی ایوانوں تک پہنچانے کیلئے تمام اساتذہ، طلبہ اور نمازیوں کے ہمراہ ہاتھوں میں قرآن پاک اٹھائے سڑکوں پر آجائے اور قرآن وحدیث کی تعلیم دینے کی کلاسز بطور احتجاج چوکوں اور چوراہوں میں لگانا شروع کردی جائیں۔ یہ ایک ایسا احتجاج ہوگا کہ دین سے محبت، عشق رسول ﷺ اور خوف خدا رکھنے والے کروڑوں پاکستانیوں کے دل ودماغ کو جھنجھوڑ کر رکھ دے گا۔ انشاءاللہ' عرض ہے کہ عالمی مالیاتی اداروں اور خاص طور پر آئی ایم ایف کے دباؤ پر کیے گئے سخت فیصلوں کا دینی درسگاہوں اور عبادت گاہوں پر بھی اندھا دھند نفاذ انتہائی غیر منصفانہ اقدام ہے، ہم حکومت میں شامل دینی جماعتوں کی قیادت اور تمام وفاق ہائے المدارس دینیہ کی مرکزی قیادت سے دردمندانہ اپیل کرتے ہیں کہ وہ پی ڈی ایم اجلاس میں بھی یہ ایشو اٹھائیں اور وفاقی کابینہ، قومی اسمبلی اور سینٹ کے اجلاسوں میں بھی بات کریں، اس کے ساتھ ساتھ وزیر اعظم پاکستان،

عبدالقدوس

وزارت پانی وبجلی اور وزارت خزانہ کے ساتھ بھی اس معاملہ پر فوری اور دوٹوک بات کی جائے۔ اللہ تعالیٰ آپ کا اور ہم سب کا حامی ومددگار ہو، آمین۔ ملک بھر کے مدارس ومساجد کے اس انتہائی سلگتے ایشو پر قرارداد منظور کرکے ریاست و حکومت کی سرکردہ شخصیات کی توجہ دلانے کیلئے بارش کا پہلا قطرہ بننے والے اجلاس میں جو شخصیات شریک ہوئیں ان میں علامہ عبدالرؤف ربانی' مولانا نور احمد سیال' قاضی شفیق الرحمان، مولانا محمد عمر اویسی' بابر زمان، ڈاکٹر انوار الحق' چوہدری محمد ریاض نوری' فیصل جاوید' سید علمدار حسین نقوی' فضل محمود حیدری' مولانا فاروق حیدری' قاضی جواد الرحمن' مولانا عامر فاروق عباسی' راؤ جان محمد وارثی' راؤ ریاض احمد' مرزا افتخار بیگ' حاجی غلام رضا شیخ' قاضی خلیل الرحمن' قاری اظہر اقبال رحیمی' قاری عظیم بخش' حافظ نعیم اللہ ربانی اور حافظ محمد عاصم خاص طور پر قابل ذکر ہیں' اللہ رب العزت ان سب کے اس عمل خیر کو قبول فرمائے۔ ہم جن ممالک کو لادینی ہونے کا طعنہ دیتے ہیں وہاں مذہبی عبادت گاہوں کو بجلی بلوں کی ادائیگی اور دیگر اخراجات کیلئے اسپیشل گرانٹس دی جاتی ہیں' پادری صاحب، امام مسجد' گرودجی اور مہاراج کی تنخواہیں تک سرکار کی طرف سے ادا کی جاتی ہیں اور مذہب کے نام قائم ہونے پر فخر کرنے والے اور اسلامی جمہوریہ کہلانے والے ملک میں عبادت گاہوں سے ظالمانہ ریٹ والے بجلی بلز وصول کیے جا رہے ہیں، چہ بوالعجبی است، ہونا تو یہ چاہیے کہ صرف مساجد ومدارس ہی نہیں بلکہ گرجا گھروں، گرودواروں اور مندروں سمیت تمام عبادت گاہوں کیلئے انتہائی مناسب فلیٹ ریٹ مقرر کیا جائے، امید واثق ہے کہ چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال صاحب اس برننگ ایشو پر فوری ازخود نوٹس لیں گے' اللہ کرے زور قلم اور زیادہ۔

توقعات

توقعات اور توکل میں فرق آویزاں ہے، توکل تو اللہ تعالیٰ پہ کیا جاتا ہے، جیسے قرآن مجید کی سورہ اطلاق کی آیت نمبر 2 اور 3 میں اللہ پاک ارشاد فرماتے ہیں کہ،

ترجمہ:- ہر جب وہ اپنی مقررہ میعاد (کے ختم ہونے) کے قریب پہنچ جائیں تو انہیں بھلائی کے ساتھ (اپنی زوجیت میں) روک لو یا انہیں بھلائی کے ساتھ جدا کردو۔ اور اپنوں میں سے دو عادل مردوں کو گواہ بنالو اور گواہی اللہ کے لئے قائم کیا کرو، ان (باتوں) سے اسی شخص کو نصیحت کی جاتی ہے جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے، اور جو اللہ سے ڈرتا ہے وہ اس کے لئے (دنیا و آخرت کے رنج وغم سے) نکلنے کی راہ پیدا فرما دیتا ہے۔ (2) اور اسے ایسی جگہ سے رزق عطا فرماتا ہے جہاں سے اس کا گمان بھی نہیں ہوتا، اور جو شخص اللہ پر توکل کرتا ہے تو وہ (اللہ) اسے کافی ہے، بیشک اللہ اپنا کام پورا کر لینے والا ہے، بیشک اللہ نے ہر شے کے لئے اندازہ مقرر فرما رکھا ہے۔

لیکن توقعات ایک ایسی رسم ہے، جو ایک انسان اپنے عضووں کو دیکھ کر کہتا ہے، دیکھو میرے بازو کتنے طاقتور اور صحت مند ہیں، اس طرح اپنی آنکھوں کی بینائی، ٹانگوں کی تیز رفتار اور جسم کی قدامت اور چہرے کی خوبصورتی سے توقعات رکھ کر دھوکے میں آجاتا ہے کہ، ان کا ایسا ہی ساتھ ہمیشہ رہے گا اور وہ اپنی اولاد کو دیکھ کر بھی خوش توقعات لگا کر امیدیں وابستہ کرلیتا ہے کے یہ میرا سہارا بنیں گے، ٹھیک ہے اولاد کو خدمات فراہم کرنے کا حق ہے لیکن کبھی کبھار وقت ان سب توقعات کو الٹ پلٹ کردیتا ہے، اللہ کی توبہ والدین زندہ ہوکر مردہ بن جاتے ہیں، اور اولاد کو یاں تو اللہ تعالیٰ چھین لیتا ہے یاں مال دولت اور بیوی، کاروباری اور منصبی مجبوریاں وہ بیچارے

سید غلام حیدر شاہ قلندری

والدین پھر یاں نوکروں کے حوالے یاں اولڈ ہاؤس یاں فٹ پاتھ، بس اس طرح اقتدار کی ہوس اور اس پہ ناز، پھر وہی اقتدار کی دوڑ ان کے گلے میں ڈالا ہوا پھندا ثابت ہوتی ہے، اس طرح زندگی کی تمام ضروریات پوری کرتے کرتے تھک کر بھی زندگی کی تمام ضروریات پوری نہیں ہوتی، ایک کے بعد ایک اور خواہش سامنے آجاتی ہے، انسان جس کا اعتبار اور اعتماد اس کی سواری اور مکان پہ لگا ہوتا ہے سواری تو وہاں سے گراتی ہیں اور ڈبوتی ہیں جہاں ان کی توقعات کے بلکل برعکس، اس طرح مکان کا مضبوط ہونا اور اس پہ غرور کرنا، پتا نہیں وہ ان پہ ہی گرتا ہے اور انجام وہی ہوتا ہے جو صدیوں سے ہوتا رہتا ہے، اس طرح ایک انسان جدید ایجادات کے متلاشی پر ان ہی ایجادات کے ساتھ آسمانوں اور زمین کے بیچ میں ہی اکیلا اور بکھیر کر رکھ دیتا ہے، اس طرح زمین کی اچھی پیداوار پلک جھپک مین سیلاب کا نشانہ بن جاتی ہے، اس طرح عزیزوں کے ساتھ رسوا ہونا، اپنوں سے جھگڑا نا اور ہم سفر روح رواں دوستوں کا بیچ میں ہاتھ نکالنا، یہ سب مثالیں پیش کرنے کا مقصد، یہ ایک انسان کا عمل ہے جو ہوتا ہے، لیکن ہمیں فکر صوفیاء کرام کے ذریعے یہ سمجھایا گیا ہے کہ قرآن کریم کی توسط سے اور اس کے آخری رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کے مطابق، اپنے حقیقی مالک کے علاوہ اور ساری توقعات فقط ایک رسی سوچ ہیں، لیکن، یہاں بازیاں اور کہتی ہیں جس سے پھل کم اور کانٹے زیادہ ملتے ہیں، اس سے بہتر ہے کہ توقعات کے عین برعکس فقط رسی روابط اور دنیاداری ہو باقی ساری امیدیں وابستہ اس ہستی کے طرف ہو جس نے کہا میں کل شی قدیر ہوں۔

شنگھائی تعاون تنظیم، پاکستان کی توقعات

(گزشتہ سے پیوستہ) شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کا سربراہی اجلاس عالمی رہنماؤں کو علاقائی اور عالمی چیلنجوں پر بات چیت کرنے اور رکن ممالک کے درمیان تنازعات کے باوجود مشترکہ اہداف اور مقاصد کے بارے میں کچھ سمجھنے کا موقع فراہم کررہا ہے۔ کانفرنس کے موقع پر دوطرفہ ملاقاتیں برف کو توڑنے میں بھی مددگار ثابت ہوسکتی ہیں۔ سمرقند اجلاس میں کثیر الجہتی تعاون کے امکانات پر بات چیت کی توقع ہے، لیکن سب سے اہم بات یہ ہے کہ سائیڈ لائن ملاقاتوں میں کون سے امور طے پاتے ہیں۔ اس کانفرنس ایک اہم واقعہ روسی صدر ولادیمیر پوٹن اور چینی صدر کے درمیان طے شدہ ملاقات ہوگی، جو یوکرین پر روسی حملے کے بعد پہلی ملاقات ہوگی، جب کہ چین نے ماسکو کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا ہے، لیکن اس نے حملے کی حمایت نہیں کی ہے۔

ماسکو یوکرین میں اس کے اقدامات پر بے مثال مغربی پابندیوں کے بعد بیجنگ کے ساتھ تعلقات کو مضبوط بنانے کی کوشش کررہا ہے۔ ماسکو اور بیجنگ دونوں نہ صرف جغرافیائی سیاست بلکہ جیو اکنامکس میں بھی امریکی تسلط کو چیلنج کررہے ہیں۔ یہ انہیں ایک اسٹریٹیجک اتحاد کے قریب لایا ہے۔

توقع ہے کہ سلامتی اور استحکام سے متعلق مسائل، توانائی اور خوراک کے بحران اور اقتصادی تعاون سربراہی اجلاسوں میں بحث پر غالب رہیں گے۔ ایران کی شمولیت سے دائرہ کار بھی وسیع ہو جائے گا۔ ایران کے مکمل رکن بننے کی توقع کے ساتھ، شنگھائی تعاون تنظیم کو مزید وسعت دی جائے گی۔ اراکین کے درمیان تنازعات سے قطع نظر، SCO نے بہت سے معاملات پر تعاون کے لیے ایک مفید فورم فراہم کیا ہے۔ سمرقند

ڈاکٹر ابراہیم مغل

سربراہی اجلاس ایک ایسے وقت میں ہورہا ہے جب بھارت اور چین کے درمیان سرحدی تنازع نے علاقائی کشیدگی کو بڑھا دیا ہے۔ بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی اور چینی صدر شی جن پنگ دو سال کے وقفے کے بعد ایک دوسرے کی موجودگی میں ہوں گے۔

یہ یقینی طور پر بہت اہم ہے کہ انھوں نے سربراہی اجلاس سے عین قبل لائن آف ایکچوئل کنٹرول کے ساتھ فوجی دستوں کو ہٹانے پر اتفاق کیا۔ دوسری جانب نئی دہلی اور اسلام آباد کے درمیان تعلقات اب بھی منجمد ہیں جس کے پگھلنے کے آثار نہیں ہیں۔ دو روزہ کانفرنس کے سلسلے میں وزیر اعظم کی اپنے ہندوستانی ہم منصب سے ملاقات کے امکان کے بارے میں کافی قیاس آرائیاں کی جارہی ہیں۔ تاہم ابھی تک دونوں کے درمیان کسی قسم کی بات چیت کی تصدیق نہیں ہوسکی ہے۔ تاہم، ایک غیر طے شدہ ملاقات کے امکان کو بھی رد نہیں کیا جاسکتا۔ وزیر اعظم شہباز شریف کے لیے ایک بڑی تشویش ہندوستانی رہنما کے ساتھ ایسی کسی بھی بات چیت کا ملک میں شدید ردعمل کا سامنے آسکتا ہے۔ سیاسی طور پر غیر مستحکم حکومت جس کو بڑے معاشی چیلنجز کا سامنا ہے وہ اس مرحلے پر کسی بھی تنازع میں الجھنے کی متحمل نہیں ہوسکتی۔ شاید یہی وجہ تھی کہ وزیر خارجہ بلاول بھٹو نے اس سال جولائی میں ایس سی او کی وزرائے خارجہ کی کونسل کے اجلاس میں اپنے بھارتی ہم منصب سبرامنیم جے شنکر سے ملاقات نہ کی۔ دونوں نے ایک ہی کمرے میں ہونے کے باوجود مصافحہ کرنے سے گریز کیا۔ تاہم دلچسپ بات یہ ہے کہ اجلاس میں فریقین نے اپنی تقریروں میں ایک دوسرے پر حملہ کرنے سے گریز کیا۔ اس وقت یہ دلیل دی گئی تھی کہ جنگ اور تنازعات کی طویل تاریخ کے باوجود، بھارت کے زیر قبضہ کشمیر میں بھارتی حکومت کے اقدامات اور اس کے مسلم مخالف ایجنڈے کے باوجود اس کا منقطع رہنا پاکستان کے مفاد میں نہیں ہے۔

شریفوں کی ناکامی کے اسباب

اس اتھارٹی کا قیام عمران خان دور حکمرانی کا عظیم ترین کام ہے جس کو موجودہ حکومت نے پس پشت ڈال رکھا ہے اگر ہم سوچیں سمجھیں تو بحیثیت قوم کہ ہمارا سب سے

(گزشتہ سے پیوستہ)

اس اتھارٹی کا قیام عمران خان دور حکمرانی کا عظیم ترین کام ہے جس کو موجودہ حکومت نے پس پشت ڈال رکھا ہے اگر ہم سوچیں سمجھیں تو بحیثیت قوم کہ ہمارا سب سے بڑا المیہ یہی ہے کہ ہم کردار اور اخلاق اور لحاظ سے بدترین بدحالی کا شکار ہیں اور معاشرے کی کردار سازی اور تربیت نہ ہونے کی وجہ سے ہمارے معاشرے میں ہر قسم

میاں انوار الحق رامے

کی خرابی اور برائی جنم لے چکی ہے۔ اخلاقی اور سماجی انحطاط اس سطح تک پہنچ چکا ہے برائی کو برائی سمجھنے والے لوگ ختم ہوچکے ہیں۔ حرام اور ناجائز کمائی کے حوالے سے ہمارے ضمیر ہمیں کچوکے لگانے سے معذور ہوچکے ہیں۔ ہمارے معاشرے کی اشرافیہ نے معاشرے کو اس قدر پراگندہ کردیا ہے کہ شریف آدمی کا حلال کی کمائی سے زندہ رہنا ناممکن بنا دیا گیا ہے۔ ہماری اشرافیہ کے سرخیل' مسلح افواج کے ریٹائرڈ جنرلز' اعلیٰ بیوروکریسی کے کرتا دھرتا۔ اعلیٰ پولیس ملازمین ریٹائرمنٹ کے فوراً بعد یورپی ممالک کا رخ کرتے ہیں۔ یہ لوگ (جاری ہے)

سیلاب زدگان کو بھیک نہیں حقوق دو

افراد موت کے منہ میں چلے گئے اور بے تحاشہ مالی نقصان بھی ہوا مگر حالیہ بارشوں نے جہاں ایک طرف ساٹھ سالہ تاریخی ریکارڈ توڑا تو دوسری جانب ایک مخصوص علاقے کے بجائے پورے ملک کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ حالیہ بارشوں اور سیلاب سے پاکستان کا تقریباً ایک تہائی حصہ زیر آب آیا۔ جس کے نتیجے میں کئی دیہات صفحہ ہستی سے مٹ گئے۔ 10 لاکھ تک گھر تباہ ہوئے اور لوگ سڑکوں پر آگئے۔ سینکڑوں افراد موت کے منہ میں چلے گئے۔ مویشی ہلاک ہوگئے، فصلیں تباہ ہوگئیں۔ کئی لوگوں کی اب تک لاشیں بھی نہیں ملیں۔ اس کے علاوہ ملیریا، ڈینگی، جلدی امراض اور گیسٹرو کی بیماریوں نے بھی وبائی شکل اختیار کرلی۔ پاکستان میں ان سیلابی ریلوں نے ایک طرف فضائی اور زمینی آلودگی کم کی وہیں دوسری جانب حکومتی اقدامات کی قلعی بھی کھول دی۔

اس دوران ملک کے مختلف علاقوں سے سیلابی ریلوں کی تباہی سے ایسے اندوہناک واقعات نظر سے گزرے کہ روح تک کانپ اٹھی۔ مٹی سے اٹے کئی بچوں کی لائن سے رکھی لاشیں، غریب اور لاچار خاندانوں کا غربت کی گھٹریاں اپنی زندگی کی جمع پونجی کی شکل میں سر پر اٹھائے پیدل نقل مکانی کرنا، اپنے بچے کو سیلابی ریلے میں بہتا دیکھ کر باپ کا دیوانہ وار پانی میں چھلانگ لگانا، بیٹی کا جہیز بہہ جانے کی وجہ سے ماں باپ کا بے

عارف اسماعیل

بسی سے رونا، سیلاب کے بیچوں بیچ ایک چھت پر پناہ لینے والے خاندان کی تصویر، خاران میں پوری رات کیسنگ پر پناہ لینے والے زمیندار کی دلخراش تصویر، ہرنائی میں اٹھارہ گھنٹے ٹیلے پر بے یارومددگار لڑکے کی تصویر جسے بذریعہ ڈرون کھانا بھیجا جاتا رہا مگر اسے بچایا نہیں جاسکا۔ بجلی کے کھمبوں پر چڑھے افراد کی تصاویر، ٹیلے پر مدد کے انتظار میں موت کے منہ میں جانے والے پانچ لڑکوں کی تصویر، بھوک سے مجبور لوگوں کا امدادی راشن والے ٹرک پر حملہ کرنا، مجبور اور غریب ضعیف العمر شخص پر بھوک سے مجبور ہوکر راشن چرانے کا سنگین جرم اور اسے ہتھکڑیاں لگا کر جیل میں بند کرنے کا عظیم الشان انصاف بھی شامل ہے۔ جہاں جہاں دل دہلا دینے والی ویڈیوز اور تصاویر وائرل ہوئیں اس سے انتظامیہ تھوڑی بہت حرکت میں آئی ہے۔ ہیلی کاپٹر جو ہر یوم پاکستان اور یوم فضائیہ پر مختلف رنگوں کے فضائی کرتب دکھاتے اور داد سمیٹتے نظر آتے ہیں، ایسے موقعوں پر بہت کم نظر آئے۔ وہ بھی صرف اعلیٰ حکام کے فضائی دوروں کی حد تک۔ بلکہ اس بار تو بجائے پھنسے ہوئے افراد کو ریسکیو کرنے کے یہ ان کی عیاشیوں اور جلسوں میں استعمال ہوئے۔ البتہ ایک دو جگہ ہیلی سے امداد کی ویڈیوز بھی نظر سے گزریں جہاں انہوں نے چند تھیلے راشن کے بہت اونچائی سے پھینک کر فائدے کے بجائے متعلقہ علاقوں کی فصلوں کو مزید نقصان پہنچایا اور راشن کی تھیلیاں مستحقین تک پہنچنے سے پہلے ہی بکھر گئیں۔ جہاں سیلاب نے لاکھوں لوگوں کو بے گھر کیا وہیں غیر متاثرہ علاقوں کے کچھ افراد نے اس سیلاب کو عذاب خداوندی سے جوڑ دیا یہ سوچے بغیر کہ یہ سیلاب صرف غریبوں کے لیے ہی نہیں بلکہ امیروں کے لیے بھی آزمائش ہے۔ اگر عذاب ہوتا تو گناہوں کے گڑھ محفوظ نہ رہتے۔ یہاں صرف اور صرف غریب طبقہ ہی متاثر ہوا۔ ہم کب تک ان حالات کا شکار رہیں گے کبھی کشمیر اور آوارن کے زلزلے کی صورت اور کبھی سیلابی ریلوں اور بارشوں کی صورت۔ چند پھٹے پرانے کپڑے ایک وقت کا کھانا، ایک خیمہ اور چند دن کا راشن دے کر سب بھول جائیں گے۔ کیا یہی ہے پاکستان میں رہنے والے ہر شہری کا حق۔ کیا متاثرہ عوام یہ پاکر دوبارہ اپنی مجبوریوں پر سفید چادر اوڑھ کر خاموش ہوجائیں گے یا پھر اپنے ضمیر کا سودا مجبوریوں سے کرکے فقیروں اور ملک دشمن عناصر کی لسٹ میں شامل ہوجائیں۔

سیاستدان خدارا اس الزام تراشیوں کی سیاسی سے نکلیں ذاتی مفادات کو دفن کرکے قومی اور عوامی مفادات کو ترجیحی بنیاد پر حل کریں۔ منفی اور نفرت کی سیاست کرکے لوگوں کو ایک دوسرے سے متنفر کرنے کے بجائے تعمیری سرگرمیوں پر توجہ دیں۔ سیلاب زدگان کو دوبارہ اپنے پیروں پر کھڑا کرنے کے لیے خدارا عوام کو بھیک نہیں ان کے جائز حقوق دیں۔ صرف فضائی جائزے کرکے، کاغذوں پر مضبوط اور پائیدار ڈیم، پل اور سڑکیں تعمیر کرنے کے بجائے زمین پر اتریں اور حقائق کا سامنا کریں اور یہاں تعمیرات کرکے زمینی تعلقات کو مضبوط کریں۔ کیونکہ سب نے ہی بلا تفریق اسی زمین میں ہی دفن ہونا ہے اور زمین سب سے ان تمام عوامل کا حساب مانگے گی جو اس نے ہواؤں میں اڑتے ہوئے انجام دیے۔ زمین کا قرض اتارو گے تو زمین تمہیں معاف کرے گی ورنہ اسے انصاف کرنے کے لیے کسی بھی بکے ہوئے ترازو اور قلم کی ضرورت نہیں۔

ٹرانس جینڈر قانون کی بدولت ہم جنس پرستی کیلئے راہ ہموار کیا جارہا ہے۔

اس قانون کی منظوری ملک میں جنسی بے راہ روی کا طوفان برپا کردے گی۔ جمعیت علماء اسلام کی شدید مذمت

کوئٹہ ..... جمعیت علماء اسلام حلقہ بوفرہ سٹی چمن کے نائب امیر اور مدرسہ بحر العلوم چمن کے مدیر مولانا حافظ محمد صدیق مدنی نے اسلامی مملکت پاکستان میں غیر اسلامی بل ٹرانس جینڈر قانون ایکٹ پاس کرنے پر اظہار افسوس اور شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے اس معاشرے کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تعلیمات کی ضرورت ہے نہ کہ مغربی تہذیب کی (جو اخلاقیات سے بالکل عاری ہے)۔

انہوں نے مزید کہا کہ روز اول سے پاکستان میں نت نئے قانون پاس کروائے جا رہے ہیں لیکن ان شاء اللہ ہم اپنی جمعیت علماء اسلام کے قیادت کے ساتھ مل کر مغربی تہذیب کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے رہیں گے۔ تفصیلات کے مطابق یہ بل سب سے پہلے 2013 میں ایجنڈے پہ لایا گیا پارلیمنٹ کی اکثریت نے اس کو پاس نہیں ہونے دیا۔ اور 2018 میں پاکستان پیپلز پارٹی نے یہ بل پیش کیا جس کی تمام لبرل پارٹیوں نے نہ صرف حمایت کی بلکہ اس نافذ کرنے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور بھی لگا رہے ہیں۔ اس میں اگر چہ خواجہ سراؤں کے حقوق کی بات ہوئی ہے لیکن پس پردہ مغربی تہذیب کو پاکستانی معاشرے میں نفاذ کی راہ ہموار کی جاری ہے۔۔ ایک رپورٹ کے مطابق جولائی 2018 سے جون 21 تک 28 ہزار افراد نے اپنی جنس تبدیل کرنے کی درخواست جمع کی ہے (وہ بھی بغیر میڈیکل ٹیسٹ اور تشخیص کے)، اس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ قانون ہمارے معاشرے کے لیے کتنا خطرناک ثابت ہوگا۔ آخر میں انہوں نے عوام کو اور جماعتی احباب کو پیغام دیتے ہوئے کہا کہ ہر فورم پر اس کی بھرپور مذمت کریں اور ہمارے نوجوان، سوشل میڈیا کے ذریعے عوام کو ان کے نقصانات سے آگاہ کریں۔ تاکہ ہمارا معاشرہ اس ناسور سے ہمیشہ کے لیے چھٹکارا حاصل ہو۔

حافظ محمد صدیق مدنی

حافظ محمد صدیق مدنی نے مزید کہا کہ پاکستان میں اسلامی شعائر کا مذاق اڑانے اخلاقیات و سماجیات کو تباہ کرنے تہذیب وتمدن کو روندنے کی روایات بے ہودہ اور سماج کو تباہ کرنے کے حوالے سے قوانین کا پاس ہونا کوئی نئی بات نہیں لیکن ٹرانسجینڈر کا جو قانون پاکستان میں منظور کیا جارہا ہے اس کی مذمت کرنا اس کو شرمناک قرار دینا یہ سب بہت چھوٹی بات ہیں یہ انتہا ہے اور انتہا بھی ایسی کہ فطرت سے ٹکرانے کی کوشش کی جا چکی ہے یہ عذاب الٰہی کو دعوت دینے کا اہتمام کر دیا گیا ہے اب ہمیں تیار رہنا چاہئے کہ جب قوم پر پتھروں کی بارش ہوگی غور کرتے ہیں کہ ٹرانسجینڈر قانون کیا ہے اس کے سماج پر کیا اثرات ہونگے ٹرانسجینڈر کا قانون پاس ہونے کے بعد کوئی بھی مرد یا عورت اپنی خواہش پر نادرا کے دفتر جا کر اپنی جنس تبدیل کرا سکے گا۔ یعنی لڑکی اپنا حلیہ لڑکوں والا بنا کر نادرا آفس میں کہے کہ میں نے اپنی جنس تبدیل کرانی ہے لہذا آپ میرا نام خالدہ بی بی کی بجائے خالد خان لکھ دیں اور جنس کے خانے میں لڑکی کی بجائے لڑکا لکھ دیں تو اس قانون کے مطابق نادرا والے ایسا کرنے کے پابند ہونگے۔

اب وہ لڑکی جو کاغذی کارروائی کے مطابق لڑکا بن گئی تو وراثت میں وہ بھائی کے حصے کا آدھا لینے کی بجائے بھائی کے برابر حصے لینے کی حقدار ہوگی تو یہ قرآن میں اللہ کے مقرر کردہ قوانین کی خلاف ورزی ہے دوسرے یہ کہ بناوٹی لڑکا (حقیقتاً لڑکی) کسی بھی لڑکی سے جب شادی کریگا جس طرح کہ مغربی دنیا میں ہم جنس پرست ایک دوسرے سے شادی کرتے ہیں یہ دوسرا خلاف اسلام کام ہوا جسے اس قانون کے تحت تحفظ مل جا گا۔ واضح رہے کہ جب کوئی لڑکا نادرا آفس میں جا کر اپنی جنس لڑکی لکھوا لیتا ہے شناختی کارڈ پر اور پھر وہ لڑکیوں کا سا حلیہ بنا کر دوسروں کے گھروں میں لڑکی بن کر بے دھڑک چلا جاتا ہے تو کیا کیا گل کھلائے گا۔ گاڑی میں سفر کریگا عورتوں کیساتھ بیٹھے گا عورتوں کی محفلوں میں جائے گا تو کیا کیا نہ ہوگا سوچو اور غور کرو۔ اس تصور سے رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں جن قومی اسمبلی کے ممبران نے یہ بل پاس کرکے سینیٹ کو بھجوایا ہے وہ اپنی بیوی بہن اور بیٹی کو ان عورت نما مردوں کی ہوس کا نشانہ بننے سے کیسے محفوظ رکھ سکیں گے؟۔ یہ لوگ نہ صرف مغربی آقاؤں کو خوش کرکے اللہ کی ناراضگی مول لے رہے ہیں بلکہ اپنی عزت وتکریم کا بھی جنازہ نکالنے کا اہتمام کررہے ہیں۔ اس خطرے کے علاوہ اسلامی قوانین جو وراثت کی رو سے اللہ رب العزت نے کردئے انکی مقرر کردہ حدود کے ٹوٹنے کا بھی اہتمام ہوگا اور ہم جنسوں کی شادی کا رواج زور پکڑے گا جو کہ صریحاً خلاف اسلام ہے۔ ہم بحیثیت مسلمان اس کے خلاف ہر فورم پر موثر آواز اٹھائیں۔

طارق عزیز کی رحلت اور چڑھتے سورج کے پجاری

تقریباً روزانہ کی بنیاد پر کوئی ایسا واقعہ رونما ہوجاتا ہے جو میری اس سوچ کو درست ثابت کرتا ہے کہ دنیا بڑی ظالم اور خودغرض ہے۔ فقط چند ہی رشتوں پر بھروسہ کیا جاسکتا ہے۔ اکتوبر 1999ء سے 2008ء کے ابتدائی مہینوں کے درمیان ہماری اشرافیہ کے بے تحاشہ پھنے خان شمار ہوتے افراد طارق عزیز صاحب سے ملاقات کے وسیلے ڈھونڈنے کو بے چین رہا کرتے تھے۔ اتوار کے دن اس کا انتقال ہوگیا۔ میں بہت جائز وجوہات کی بنیاد پر ان کی تدفین کے مراحل میں شریک نہیں ہوپایا۔ جو لوگ شریک ہوئے ان سے گفتگو کے بعد اگرچہ یہ جان کر بہت دُکھ ہوا کہ نماز جنازہ پڑھنے مرحوم کے قریب ترین دوست اور عزیز ہی قبرستان گئے تھے۔

اکتوبر 1999ء سے قبل میری طارق عزیز صاحب سے کبھی ملاقات نہیں ہوئی تھی۔ محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ کی دوسری حکومت کے دوران البتہ علم ہوا کہ وہ ایک سی ایس پی افسر ہیں۔ وزارت ماحولیات میں ایڈیشنل سیکرٹری کی حیثیت میں تعینات تھے۔ اس وزارت کے سیکرٹری جو بہت ہی دھانسو افسر شمار ہوتے تھے ان دنوں بیرون ملک گئے ہوئے تھے۔ ان کی عدم موجودگی میں طارق صاحب مذکورہ وزارت کے انچارج سیکرٹری کی ذمہ داری سنبھالے ہوئے تھے۔

ڈاکٹر ذوالفقار مرزا کی ان دنوں اسلام آباد میں بہت دہشت تھی۔ وہ آصف علی زرداری صاحب کے قریب ترین دوست مانے جاتے تھے۔ ان کے حکم کی فوری تعمیل ہر سرکاری افسر اپنے لئے واجب تصور کرتا۔ طارق صاحب کو بھی اس تناظر میں ڈاکٹر ذوالفقار مرزا نے ایک حکم صادر کیا۔ طارق صاحب نے عاجزانہ تعمیل کے بجائے قواعد وضوابط کے حوالے دیتے ہوئے ڈاکٹر صاحب کو سمجھانے کی کوشش کی کہ وہ جو حکم صادر کررہے ہیں اس پر عمل ممکن نہیں۔ طارق صاحب کے انکار نے ڈاکٹر صاحب کو مشتعل کردیا۔ انہیں "سنگین نتائج" کی تڑی لگائی۔ طارق صاحب مگر ٹس سے مس نہ ہوئے۔

چودھری شجاعت حسین صاحب کو مگر ان تڑیوں کی خبر ملی تو ترنت اسلام آباد آئے۔ طارق صاحب کو مجبور کیا کہ وہ فوراً سرکار کے دیے گھر کو چھوڑ کر بچوں سمیت ان کے اسلام آباد کے ایف سیکٹر میں بنائے گھر منتقل ہوجائیں۔ مزید "احتیاط" یقینی بنانے کے لیے چودھری صاحب کئی دنوں تک خود بھی باقی امور کو نظرانداز کرتے ہوئے وہاں مقیم رہے۔ یہ واقعہ میرے علم میں آیا تو میں نے انگریزی اخبار کے لئے لکھے کالم میں اس کا ذکر کردیا۔ چودھری صاحب کو اس کا علم ہوا تو فون کے ذریعے خود سے مختص سادگی کے ساتھ پنجابی میں محض یہ سوال اٹھایا کہ مجھ تک یہ خبر کیسے پہنچی۔ میں نے بھکو پن سے ٹال دیا۔ میری خبر کی تاہم مذکورہ فون کی بدولت تصدیق ہوگئی۔ اس کے چند دن بعد میری ایک اور سینئر سرکاری افسر سلمان فاروقی صاحب سے بھی اتفاقیہ ملاقات ہوگئی۔ انہوں نے نہایت نفیس انداز میں مجھے مائل کرنا چاہا کہ آصف علی زرداری سے ذاتی تعلقات کو ذہن میں رکھتے ہوئے مجھے انہیں سمجھانا چاہیے کہ موصوف کے دوست یعنی ذوالف

شال بقیہ 1

وقت 30 ارب ڈالر امداد کی ضرورت ہے، پڑوسی ملک بھارت ہمیں معاونت کی پیشکش کرنے میں ناکام رہا۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ بھارت کی فسطائی، اسلاموفوبیا پر مبنی پالیسی کی وجہ سے وہاں مسلمان غیر محفوظ ہیں، بھارت کے ساتھ اس وقت کسی قسم کے رابطے نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے کشمیر میں مسلم اکثریت کو اقلیت میں بدلنے کی کوشش کی، جموں وکشمیر کی جغرافیائی حدود میں تبدیلی اقوام متحدہ کے چارٹر کی خلاف ورزی ہے۔ بلاول بھٹو نے بتایا کہ بھارت جموں وکشمیر میں غیر قانونی طور پر قابض ہے، وہاں مسلمانوں سمیت دیگر اقلیتوں پر ظلم ڈھایا جارہا ہے، جموں وکشمیر میں بھارت نے 5 اگست 2019 کو یک طرفہ غیر قانونی قدم اٹھایا۔ انہوں نے کہا کہ آج کا بھارت سیکولر نہیں، جیسا کہ ان کے بانی رہنما چاہتے تھے، بدقسمتی سے آج کا بھارت ایک تبدیل شدہ ملک ہے اس کیساتھ تعلقات کی ہماری طویل تاریخ ہے، یقین ہے کہ ہم مستقبل میں نوجوان نسل کو ایک دوسرے کے ساتھ امن کے ساتھ رہتا دیکھیں گے۔

شال بقیہ 2

مقدمات میں گرفتار کر کے ان کو سزا دلوانے کی بھونڈی کوشش کی، یہ فیصلہ نیک شگون ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آج ہم نے ورلڈ بینک کے صدر، آئی ایم ایف کے منیجنگ ڈائریکٹر کے ساتھ ملاقات کی جس میں بڑی تفصیل کے ساتھ پاکستان میں سیلاب کی صورتحال سے انہیں آگاہ کیا گیا۔ انہوں نے اس پر اظہار افسوس کیا اور پاکستان کو اس مشکل وقت میں ہر ممکنہ مدد کی یقین دہانی کرائی۔ وزیراعظم نے کہا کہ میں نے انہیں بتایا کہ کس طرح لاکھوں بچے خوراک سے محروم ہیں اور ان کے بیماری میں مبتلا ہونے کا خدشہ ہے، وہاں پر بڑی تعداد میں بچے بخار اور ڈائریا میں مبتلا ہیں، وہاں کھڑے پانی سے وبائی امراض پھوٹنے کا خدشہ ہے، انہیں بتایا کہ ہم آئی ایم ایف پروگرام کی پوری طرح پاسداری کریں گے تاہم اس وقت معاشی صورتحال کے ساتھ سیلاب کی جو تباہ کاریاں ہیں، صرف پاکستان کے عوام اپنے وسائل سے ان چیلنجز کا مقابلہ کرنے سے قاصر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت پوری دنیا، دوست ممالک اور ترقی یافتہ ممالک کو پاکستان کے ساتھ کھڑا ہونا ہوگا، عالمی تنظیمیں، ورلڈ بینک اور دیگر اداروں کو پاکستان کے ساتھ کھڑا ہونا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے جتنی بھی ریلیف ممکن ہو سکے وہ لینے کی کوشش کرنی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک نے اس سے پوری طرح اتفاق کیا اور مشکل کی اس صورتحال میں پاکستان کا پوری طرح ساتھ دینے کی یقین دہانی کرائی اور ہر ممکنہ امداد کی جائے گی۔ وزیر خزانہ، وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی اور وزیر اطلاعات بھی ان ملاقاتوں میں شریک تھیں۔

شال بقیہ 3

خلاف ورزی کا روائی عمل میں لائی جائے بلکہ ور میں امن وامان کی بہتری کے لئے پولیس اور انتظامیہ موثر اقدامات یقینی بنائیں عوام کے جان ومال کا تحفظ کیا جائے۔ انہوں نے مقتول طالبعلم کے لواحقین سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ لواحقین کو انصاف کا فراہم کیا جائے گا۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران کے عشائیہ میں پولیس اہلکاروں اور سیکورٹی گارڈز کے ہمراہ کھانا کھایا۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران کی جانب سے دیئے گئے عشائیہ میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے پولیس اہلکاروں اور سیکورٹی گارڈز کے ہمراہ کھانا کھایا اور بے تکلفانہ انداز میں سیکورٹی اہلکاروں کے ساتھ گفتگو کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ سب انسان اللہ تعالیٰ کی مخلوق اور برابر ہیں انسانوں میں تفریق کرنے کا سوچ بھی نہیں سکتا عام عوام کے درمیان رہ کر جو خوش محسوس ہوتی ہے الفاظ میں بیان نہیں کر سکتا۔ انہوں نے سیکورٹی اہلکاروں کو درپیش مسائل سے آگاہی بھی حاصل کر کے مسائل کے حل کی یقین دہانی کروائی۔ وزیراعلیٰ کو اپنے ساتھ کھانے میں شریک دیکھ کر سیکورٹی اہلکاروں کا خوشی کا اظہار کیا ہے۔

شال بقیہ 4

جائزہ لے کر فیصلہ دیا ہے، اسپیکر کے کام میں اس قسم کی مداخلت عدالت کے لیے کافی مشکل کام ہے۔ تحریک انصاف کے وکیل فیصل چوہدری نے کہا کہ ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری نے تحریک انصاف کے استعفے منظور کر لیے تھے، استعفے منظور ہو جائیں تو دوبارہ تصدیق نہیں کی جاسکتی۔ اس پر چیف جسٹس نے کہا کہ قاسم سوری کا فیصلہ اسی ارادے سے لگتا ہے جیسے تحریک عدم اعتماد پر کیا تھا۔ دوران سماعت چیئرمین کے رکن جسٹس عائشہ ملک نے ریمارکس دیے کہ قاسم سوری کے فیصلے میں کسی رکن کا نام نہیں جن کا استعفیٰ منظور کیا گیا ہو، تحریک انصاف بطور جماعت کیسے عدالت آسکتی ہے؟ استعفیٰ دینا ارکان کا انفرادی عمل ہوتا ہے۔ پی ٹی آئی کے وکیل نے کہا کہ من پسند حلقوں میں انتخابات نہیں ہو سکتے، شکور شاد کے علاوہ کسی رکن نے استعفے سے انکار نہیں کیا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ اسپیکر کا اپنا طریقہ کار ہے ہم کیسے مداخلت کر سکتے ہیں؟ کیا آپ نے اسپیکر سے کبھی پوچھا ہے کہ استعفوں کی تصدیق کیوں نہیں کر رہے؟ دوران سماعت چیف جسٹس نے ایک بار پھر پی ٹی آئی کو اسمبلی میں واپسی کا مشورہ دیا۔

شال بقیہ 5

نے کیس کی سماعت کی۔ چیئرمین تحریک انصاف عمران خان اسلام آباد ہائیکورٹ میں پیش ہوئے۔ سماعت کا آغاز کرتے ہوئے چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ ہم صرف چارج پڑھیں گے۔ اس موقع پر عمران خان کے وکیل نے کہا کہ پچھلی سماعت پر عمران خان بات کرنا چاہتے تھے جس پر عمران خان نے عدالت کو بتایا کہ میری 26 سال کی کوشش رول آف لا کی ہے، بغیر سے سوا جلسوں میں رول آف لا کی کوئی بات نہیں کرتا۔ عمران خان نے خاتون جج سے معافی کیلئے رضامندی ظاہر کی جس پر چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ نے ریمارکس دیے کہ ہمارے لیے تو یہ عدالت کارروائی کرنا مناسب نہیں ہوتا۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ اطہر من اللہ نے کہا کہ عدالت نے عمران خان پر فرد جرم عائد کرنے کی کارروائی روک رکھی ہے۔ عمران خان نے دوران سماعت کہا کہ میرے علاوہ کوئی یہ بات نہیں کرتا، عدالت کو لگتا ہے کہ میں نے اپنی حد پار کی، خاتون جج کو دھمکانے کا کوئی ارادہ نہیں تھا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے ریمارکس دیئے کہ عمران خان ایک ہفتے کے اندر بیان حلفی جمع کرادیں، خاتون جج کے پاس جانا یا نہ جانا آپ کا ذاتی فیصلہ ہوگا، اگر آپ کو غلطی کا احساس ہو گیا اور معافی کیلئے تیار ہیں تو یہ کافی ہے۔ عمران خان نے کہا کہ اگر عدالت کہے تو میں خاتون جج کے سامنے جا کر معافی مانگنے کو تیار ہوں، یقین دلاتا ہوں کہ آئندہ ایسی کوئی بات نہیں کروں گا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ یہ عدالت آپ کا بیان ریکارڈ کرے گی، عمران خان نے کہا کہ کیا بیان حلفی کے علاوہ عدالت کو مطمئن کرنے کا کوئی آپشن موجود ہے؟ جس پر چیف جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ نہیں، آپ کو بیان حلفی جمع کرانا ہوگا، آپ نے جو کہا اس کا ایک بیان حلفی جمع کرائیں، جو کچھ آپ نے کہا اس عدالت نے آپ کو کہنے کا نہیں کہا تھا۔ بعد ازاں عدالت نے عمران خان کو بیان کی روشنی میں بیان حلفی جمع کرانے کا حکم دیتے ہوئے کیس کی سماعت 29 ستمبر تک ملتوی کردی۔ عدالت نے کہا کہ ہم فرد جرم کی کارروائی روک رہے ہیں، عدالت نے عمران خان کے خلاف فرد جرم کی کارروائی 3 اکتوبر تک موخر کردی۔ قبل ازیں، اسلام آباد ہائی کورٹ میں پیشی سے قبل میڈیا کے نمائندوں سے مختصر گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ حقیقی آزادی کے لیے مافیا سے جنگ لڑ رہا ہوں، عدلیہ سے بھی نہیں لڑوں گا۔ یاد رہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے رجسٹرار نے توہین عدالت کیس میں سابق وزیراعظم عمران خان کی عدالت میں پیشی سے متعلق ضابطہ اخلاق کا سرکلر گزشتہ روز جاری کیا تھا۔

شال بقیہ 6

کہا کہ بلوچستان کے 80 فیصد لوگوں کا زرعی معاش زراعت سے وابستہ ہے، حالیہ مون سون بارشوں سے زمینداروں کے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق 2 لاکھ 50 ہزار ایکڑ زمین متاثر ہوئی ہے جبکہ ڈپٹی کمشنروں اور ہمارے ڈپٹی ڈائریکٹروں کے رپورٹ کے مطابق 50 لاکھ ایکڑ زمین متاثر ہوئی ہے، زمینداروں کے بندات ٹوٹ چکے ہیں۔

شال بقیہ 7

اضافہ کرنے کی بھی درخواست کی گئی۔ وزیر داخلہ نے اربعین امام حسین کیلئے 60 ہزار پاکستانی زائرین کو ویزا جاری کرنے پر عراقی سفیر اور حکومت کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر داخلہ نے عراق، ایران انٹری پوائنٹس پر پھنسے پانچ ہزار پاکستانی زائرین کو گرین پاس داخل ہونے کی خصوصی اجازت دینے پر بھی شکریہ ادا کیا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ پاکستان، عراق زائرین معاہدے پر بلا تاخیر دستخط کرنا چاہتے ہیں، ہماری طرف سے معاہدہ حتمی ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ عراقی حکومت سے زائرین معاہدے کی جلد توثیق کی درخواست ہے، پاکستان سے لاکھوں عقیدت مند ہر سال کربلا، معلیٰ، بغداد شریف اور نجف جاتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ معاہدے سے زائرین نواسہ رسول امام حسین کیلئے بہترین ویزا اور سفری سہولیات میسر ہوں گی۔

شال بقیہ 8

کی اجازت دی۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ اب موجودہ حکومت گندم اور تیل لینے کی بات کر رہی ہے جبکہ ہم 5 ماہ قبل ہی کر چکے تھے لیکن سازش کے ذریعے ہمارے حکومت ختم کردی گئی۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ اسلام آباد کی تنظیم اور عہدے داروں کو ہار کیا دیتا ہوں، آزادی کبھی پلیٹ میں رکھ کر نہیں ملتی قربانیاں اور جہاد کرنا پڑتا ہے، نظام پر قبضہ کرنے والے اس نظام سے اربوں، کھربوں پتی بن چکے ہیں، یہ لوگ ہمیں آرام سے آزادی نہیں دیں گے۔

شال بقیہ 9

رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں یکم جون سے اب تک جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 304 ہوگئی، جاں بحق ہونے والوں میں 138 مرد، 74 خواتین اور 92 بچے شامل ہیں، سب سے زیادہ 40 ہلاکتیں کوئٹہ، ژوب سے 23 اور لسبیلہ سے 21 اموات رپورٹ ہوئیں، پی ڈی ایم اے کے مطابق اب تک صوبے بھر میں بارشوں کے دوران مختلف حادثات میں 184 افراد زخمی ہوئے، سیلابی ریلوں اور بارشوں سے مجموعی طور پر بلوچستان میں 72 ہزار 235 مکانات نقصان کا شکار ہوئے جبکہ 3 لاکھ، 5 ہزار 155 سے زائد مال مویشی سیلابی ریلوں کی نذر ہو چکے ہیں، پی ڈی ایم اے کے مطابق اب تک مجموعی طور پر 2 لاکھ ایکڑ زمین پر کھڑی فصلوں کو نقصان پہنچا جبکہ صوبے میں سیلابی ریلوں میں 24 پل گر گئے، پی ڈی ایم اے کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق بلوچستان بھر میں سیلاب اور بارشوں سے 2200 کلومیٹر پر مشتمل مختلف شاہراہیں بھی شدید متاثر ہوئیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں پی ڈی ایم اے، آر/FCin جعفرآباد، نصیرآباد، جھل مگسی، کاچی، ڈیرہ مراد جمالی، کوہلو، قلعہ سیف اللہ اور صحت پور کی جانب سے کل 48 فری میڈیکل کیمپ لگائے گئے، جہاں 4796 مریضوں کا علاج کیا گیا۔ N-70,N-40,N-10 اور N-85 کھلے ہیں۔

شال بقیہ 10

نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا۔ انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ اے این پی کو صوبائی کابینہ سے نکالنے کی بات محض افواہیں ہیں۔ ہماری جماعت اصولی موقف رکھتی ہے، وزیر اعلیٰ نے ہم اس ضمن میں کوئی بات نہیں کی ہے۔ یاد رہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی جانب سے جمعیت علما اسلام ف کو صوبائی حکومت میں شامل ہونے کی دعوت دیے جانے کے بعد بے یو آئی کی جانب سے اگلے 24 گھنٹوں میں پارٹی کی جانب سے حکومت میں شمولیت کا اعلان متوقع ہے۔

شال بقیہ 11

نیو پارک میں ہوئی۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ پاکستان ہنگری کے ساتھ دوطرفہ اور یورپی یونین کے تناظر میں اپنے تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے، ملاقات میں دوطرفہ تعلقات کے تمام شعبوں کا احاطہ کیا گیا جس میں سیاسی، اقتصادی اور تجارتی، ثقافت، دفاع اور عوام سے عوام کے رابطوں سے متعلق امور شامل ہیں۔ دونوں فریقوں نے دوطرفہ تعلقات میں حالیہ پیش رفت کا بھی جائزہ لیا اور مختلف شعبوں میں تعاون کو بڑھانے کی خواہش کا اظہار کیا۔ دوطرفہ تجارتی اور اقتصادی تعلقات کو بڑھانے پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے وزیر خارجہ نے تجویز پیش کی کہ ہنگری پاکستان میں سرمایہ کار دوست ماحول سے فائدہ اٹھا کر پاکستانی کمپنیوں کے ساتھ خاص طور پر خصوصی اقتصادی زونز میں مشترکہ منصوبے شروع کر سکتا ہے۔ فریقین نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور کا بھی جائزہ لیا۔

شال بقیہ 12

آپریشنز کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق شہر عباس پولیس تھانہ سٹی، عابد رضا مینگل پولیس تھانہ شالکوٹ، سدرہ لاشاری پولیس تھانہ خالق شہید، محمد بابر بلوچ پولیس تھانہ پکی بیگ، اللہ وسایا پولیس تھانہ صدر، خالد حسین پولیس تھانہ گوالمنڈی، عبدالحی گرانی ایئر پورٹ تھانہ، جمیل الرحمان کاکڑ پولیس تھانہ گلی عمر، عبدالولی اچکزئی پولیس تھانہ پشتون آباد، ثناء اللہ بلوچ پولیس تھانہ بند، توصیف فرمان انچارج ڈی آئی جی ڈی آئی جی آفس اور مسعود الرحمان کو پولیس تھانہ جلبوئی کے ایس ایچ او کی ذمہ داری سونپ دی گئی۔

شال بقیہ 13

آپریشنز کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق شہر عباس پولیس تھانہ سٹی، عابد رضا مینگل پولیس تھانہ شالکوٹ، سدرہ لاشاری پولیس تھانہ خالق شہید، محمد بابر بلوچ پولیس تھانہ پکی بیگ، اللہ وسایا پولیس تھانہ صدر، خالد حسین پولیس تھانہ گوالمنڈی، عبدالحی گرانی ایئر پورٹ تھانہ، جمیل الرحمان کاکڑ پولیس تھانہ گلی عمر، عبدالولی اچکزئی پولیس تھانہ پشتون آباد، ثناء اللہ بلوچ پولیس تھانہ بند، توصیف فرمان انچارج ڈی آئی جی ڈی آئی جی آفس اور مسعود الرحمان کو پولیس تھانہ جلبوئی کے ایس ایچ او کی ذمہ داری سونپ دی گئی۔

شال بقیہ 14

کی دعوت ملی جس کیلئے ہم نے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع کی قیادت میں تین رکنی وفد نے ملاقات کی ہم نے اپنے 6 نکاتی پوائنٹ انکے سامنے رکھیں، وزیراعلیٰ نے جمعہ تک مہلت مانگی ہے تاکہ وہ اپنے ساتھیوں سے صلح ومشورہ کے بعد ہمیں جواب دیں، جب جواب ملے گا تو مزید پیشرفت ہوگی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسمبلی اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، رکن صوبائی اسمبلی عبدالواحد صدیقی نے مزید کہا کہ وزارتوں کے بارے میں کچھ کہنا قبل از وقت ہے جب وزیراعلیٰ بلوچستان اپنے ساتھیوں سے مشاورت کرے گا تو اس کے بعد مزید معاملات پر بات چیت ہوگی، مرکزی امیر مولانا فضل الرحمان نے صوبائی حکومت میں شمولیت کی اجازت دی ہے۔

شال بقیہ 15

پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمان جامعہ کراچی کانفرنس ہال میں منعقد ہوا۔ جس میں جامعہ کے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر عین الدین آغا، ڈین فیکلٹیز، صوبائی محکمہ جات کے نمائندگان، سینئر اساتذہ، جامعہ کے رجسٹرار سمیت کونسل کے دیگر اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں تعلیمی، تحقیقی امور زیر غور لائے گئے۔ جس میں علمی وتحقیقی سرگرمیوں کے فروغ، شعبہ جات کی کارکردگی، معیاری تعلیم کے فروغ، مستقبل کے تعلیمی پروگرامز، ترقیاتی منصوبے اور مختلف معاملات کا جائزہ لیا گیا اور مختلف فیصلے کئے گئے۔ اس موقع پر جامعہ کے وائس چانسلر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معیاری تعلیم کے فروغ، ادارے کی ترقی اور معاملات کو پایا تکمیل تک پہنچانے کے لئے مثبت پالیسیاں ترتیب دینا ناگزیر ہے اور دور جدید کے تعلیمی تقاضوں اور تیز ترین ٹیکنالوجی کے ذرائع کو بروئے کار لانے سمیت طلبہ کو بہترسہ کی جانب راغب کرنے کے لئے جامعہ بلوچستان نے اقدامات کو یقینی بنانے کے لئے تمام توانائیاں صرف کئے ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 16

وزیراعلیٰ بلوچستان کے درمیان حکومت میں شمولیت کے حوالے سے قابل عمل طریقہ کار مرتب کرنے کے حوالے سے تاحال مشاورت اور مذاکرات کا عمل جاری ہے جسکی وجہ سے صوبائی کابینہ میں شمولیت کو حتمی شکل نہیں دی جاسکی۔ انہوں نے بتایا کہ جمعیت علماء اسلام اور وزیراعلیٰ بلوچستان کے درمیان کسی قسم کا ڈیڈ لاک نہیں ہے ہمارے گفت وشنید کا عمل جاری ہے جمعیت علماء اسلام کو جب وزیراعلیٰ نے حکومت میں شامل ہونے کی دعوت دی تو پارٹی نے حکومت میں شمولیت کی حامی بھری تھی جس کے بعد وزیراعلیٰ اور ہمارے درمیان گفتگو کا عمل جاری ہے جمعیت علماء اسلام نے اپنی شرائط وزیراعلیٰ کو بتادی ہیں وزیراعلیٰ کے ساتھ حکومت میں شمولیت کے حوالے سے قابل عمل طریقہ کار کو طے کر رہے ہیں جس میں کچھ وقت درکار ہے جوں ہی قابل عمل مقام پر پہنچیں گے جمعیت علماء اسلام صوبائی حکومت میں شمولیت اختیار کرلے گی۔

شال بقیہ 17

جہاں ایک طرف تباہی پھیلی انفراسٹرکچر تباہ کردیا وہی بلوچستان کے بعض ڈویژنز میں پانی کے کھڑے ہونے کی وجہ سے وبائی امراض بھی پھیل گئی ہے جس نے شدت اختیار کی ہے ملیریا و دیگر امراض سے بچاؤ کیلئے نہ تو سپرے کی گئی ہے اور نہ ہی حکومتی اقدامات سامنے آئے ہیں نصیرآباد ڈویژن میں سیلابی پانی کھڑا ہے مگر مجال ہے کہ اس کی نکاس کیلئے صوبائی وزیر ایری گیشن کی جانب سے سندھ حکومت کے ساتھ رابطے کی کوئی خبر سامنے آئی ہوں، اسی طرح بلوچستان کے سیلاب متاثرین وبائی امراض میں جکڑتے جارہے ہیں اور ہسپتالوں میں ڈاکٹرز کی کمی کا بھی سامنا ہے۔ بلوچستان کے ضلع نصیرآباد کے سیلاب متاثرین گیسٹرو اور ملیریا سمیت مختلف وبائی امراض کا شکار ہو رہے ہیں۔

شال بقیہ 18

جائزہ لیا گیا اس موقع پر صوبائی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات علی اکبر بلوچ نے جاری اسکیمات پر پیش رفت سے متعلق اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بی ڈویژن اور نصیرآباد ڈویژن میں حالیہ بارشوں اور سیلاب کی تباہ کاریوں کے باوجود محکمہ مواصلات وتعمیرات محنت اور لگن سے جاری ترقیاتی اسکیمات کو مکمل کرنے میں مصروف عمل ہے نصیرآباد ڈویژن میں روڈ انفراسٹرکچر کو بے تحاشا نقصان پہنچا ہے جنکی بحالی کسی چیلنج سے کم نہیں ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری مواصلات وتعمیرات نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ بی زون میں جاری ترقیاتی اسکیمات کو اپنے وقت مقررہ پر مکمل کیا جائے تاکہ دونوں ڈویژنز کے عوام کو روڈ انفراسٹرکچر کی بہترین سہولیات میسر ہوں انہوں نے کہا کہ صوبے میں روڈ انفراسٹرکچر کی بہتری سے صوبے کے زمیندار و کاروباری حضرات صحت وتعلیم سے جڑے افراد پر مثبت اثرات مرتب ہونگے جنکی وجہ سے صوبہ ترقی کی جانب گامزن ہوگا انہوں متعلقہ محکمے کے تمام انجینئر زوآفیسران کو ہدایات دی کہ صوبے میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں پر معیار اور شفافیت اولین ترجیح ہونی چاہیے انہوں نے کہا کہ موثر اور مضبوط مواصلاتی نظام ہی بلوچستان کی ترقی کا ضامن ہے سیکرٹری مواصلات وتعمیرات نے مزید کہا کہ ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے تاکہ متعلقہ منصوبوں کو جلد مکمل کیا جائے انہوں نے کہا کہ صوبے بھر میں بنیادی ڈھانچے اور روڈ انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے موثر اور مضبوط اقدامات کیے جارہے ہیں صوبے کی ترقی اور خوشحالی کے لیے محکمہ مواصلات وتعمیرات کا ایک کلیدی کردار ہے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات سردار عبدالرحمن کھیتران کی قیادت میں صوبے کی ترقی اور بالخصوص مواصلاتی نظام میں بہتری لانے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے صوبے میں انفراسٹرکچر کی بہتری کیلئے اربوں روپے کی لاگت سے ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے جن کی تکمیل سے علاقے میں ترقی اور خوشحالی آئے گی۔

شال بقیہ 19

ہیں۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں کوہلو، بی، ڈیرہ مراد جمالی، جعفرآباد، نصیرآباد، صحت پور اور جھل مگسی میں 14 ریلیف کیمپس روزانہ کی بنیاد پر کام کر رہے ہیں جہاں سیلاب زدگان کو دیگر سہولیات کے ساتھ ساتھ پکا ہوا کھانا بھی فراہم کیا جارہا ہے۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں راشن کے پیکٹس ہیلی کاپٹرز کے ذریعے بھی پہنچائے جارہے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پشین، موسیٰ خیل، بی، آواران، بولان، نوشکی، خضدار، بیلہ، جعفرآباد، نصیرآباد، جھل مگسی اور صحت پور میں 712,5 متاثرین میں راشن، 175,5 پانی کی بوتلیں، 633 آٹے کے تھیلے، خوردنی تیل، خشک اور ڈبے والا دودھ اور اسکے علاوہ خیمے، کمبل، گرم کپڑے، برتن اور ملیریا سے بچاؤ کیلئے مچھر دانیاں اور مچھر مار سپرے وغیرہ بھی مستحق متاثرین میں تقسیم کی گئیں ہیں۔ پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کی جانب سے امداد برائے سیلاب متاثرین کے لیے کوئٹہ، چمن، نوشکی، اور دالبندین میں 8 فلٹریشن پلانٹس کا قیام عمل میں لایا گیا۔ سیلاب سے پہنچنے والے نقصانات کا تخمینہ لگانے کے لیے ٹیمیں تشکیل دی گئی جن کی دن رات کی انتھک محنت اور کوششوں سے 90٪ سے زائد نقصانات کا تخمینہ لگایا جاچکا ہے۔ سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں وبائی امراض اور دیگر بیماریوں پر قابو پانے کے لیے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پاکستان آرمی، ایف سی بلوچستان اور پی ڈی ایم اے کی جانب سے 85 فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا جس میں 201,11 مریضوں کا علاج معالجہ کیا گیا اور مفت ادویات فراہم کی گئیں۔

شال بقیہ 20

مطابق ملک کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں 53 ویں نمبر پر پہنچ گیا ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا کیسز کی شرح 0 اعشاریہ 87 فیصد ریکارڈ کی گئی، پاکستان میں مزید 121 افراد میں کورونا وائرس کی تصدیق ہوئی ہے، کورونا وائرس کے زیر علاج مریضوں میں سے 72 کی حالت تشویش ناک ہے، پاکستان بھر میں اب تک 30 ہزار 609 کورونا وائرس کے مریض انتقال کر چکے ہیں، کورونا وائرس کے کل مریضوں کی تعداد 15 لاکھ 72 ہزار 109 ہو چکی ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک میں کورونا وائرس کے مزید 13 ہزار 945 ٹیسٹ کیے گئے۔

شال بقیہ 21

ہیں۔ کراچی میں ڈینگی بخار کے تیزی سے پھیلاؤ کے باعث اسپتالوں میں جگہ کم پڑتی جارہی ہے، جس کے سبب کئی سرکاری اسپتالوں میں بستر بڑھا دیئے گئے ہیں۔ محکمہ صحت سندھ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں صوبہ سندھ میں ڈینگی کے مزید 323 کیس رپورٹ ہوئے، جس میں سے 261 کیسز کا تعلق کراچی سے ہے۔ رواں ماہ اب تک کراچی میں رپورٹ ہونے والے کیسز کی تعداد 3 ہزار 546 ہو چکی ہے، سب سے زیادہ متاثرہ ضلع ایسٹ ہے۔ کراچی میں ڈینگی سے جاں بحق افراد کی تعداد 27 ہو چکی ہے، جن میں سب سے زیادہ اموات ضلع سینٹرل میں 13 ریکارڈ کی گئیں ہیں۔

شال بقیہ 22

کورٹ میں چیلنج کردی۔ پی ٹی آئی رہنما شیریں مزاری نے بیرسٹر ابوذر سلمان خان نیازی کے ذریعے دائر کی گئی درخواست میں بغاوت کے 124A غیر قانونی قرار دینے کی استدعا کی ہے۔ شیریں مزاری کی جانب سے درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ بغاوت کی دفعہ 124A اظہار رائے کی آزادی سلب کرنے کے لیے استعمال کی جارہی ہے، یہ دفعہ آئین پاکستان میں دیے گئے بنیادی حقوق سے متصادم ہے۔ تنقید اور اظہار رائے کو دبانے کے لیے بغاوت کے مقدمات کا سہارا لیا جاتا ہے۔ پی ٹی آئی رہنما کی درخواست میں بغاوت کے مقدمات کا اندراج روکنے اور بغاوت کے مقدمات پر حکم امتناع جاری کرنے کی بھی استدعا کی گئی ہے۔ درخواست میں اسلام آباد سمیت چاروں صوبوں کے آئی جی پولیس اور چیف سیکرٹری کو فریق بنایا گیا۔

شال بقیہ 23

جاتا ہے مگر عالمی منڈی میں قیمتیں کم ہونے کا عوام کو کوئی ریلیف نہیں دیا جاتا۔ عالمی منڈی میں پیٹرول، ڈیزل سستا ہو گیا، تاہم پاکستان میں عوام فائدے سے محروم ہیں، پیٹرول پر 64 روپے 17 پیسے جبکہ ڈیزل 21 روپے 6 پیسے فی لیٹر اضافی وصولیوں سے خزانہ تو بھرنے لگا مگر عوام کی جیبیں خالی ہیں۔ آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل کے عہدیداروں نے بتایا اس وقت پٹرول کی قیمت خرید 172 روپے 81 پیسے فی لیٹر ہے جو عوام کو 237 روپے 43 پیسے میں مل رہا ہے، پیٹرول پر 37 روپے 50 پیسے لیوی، 4 روپے 76 پیسے فریٹ مارجن، 3 روپے 68 پیسے ڈسٹرکٹ مارجن اور 7 روپے فی لیٹر ڈیلرز مارجن بھی عائد ہے۔ حکومت پیٹرول پر یومیہ 1 ارب 89 کروڑ جبکہ ماہانہ 56 ارب 85 کروڑ روپے کما رہی ہے۔

شال بقیہ 24

بنیادوں پر پشتو اور پشتونی کے زریں اصولوں کو اپنانا ہوگا، پارٹی کارکنان اور ذمہ داران آج بروز جمعہ پشتون یوم ثقافت کے سلسلے میں منعقدہ تقاریب میں بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ ڈگری کالج لورالائی میں پشتون کلچر ڈے کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا سیمینار کی میزبانی پروفیسر زیرک اتمانخیل نے کی سیمینار سے عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری ثابت کاکا، صوبائی نائب صدر اصغر علی ترین، ضلعی صدر لورالائی منظور کاکڑ، محمد صادق ایڈووکیٹ، رشید حنیل، عمر سافر وغیرہ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 23 ستمبر کو پوری دنیا میں پشتون یوم ثقافت منایا جاتا ہے اس دن کے منانے کے دو بنیادی مقاصد ہیں پہلا مقصد یہ ہے کہ پشتونوں کو اپنی تہذیب اور ثقافت سے رجوع کرنے پر مجبور کیا جائے۔

شال بقیہ 25

کے فیصلے کو صوبے کے مجموعی اقوام کے لئے بہترین و قابل تقلید فیصلہ قرار دینے اور سپریم کورٹ میں صوبائی حکومت کی جانب سے دائرکردہ کی واپسی کی یقین دہانی میں مسلسل تاخیر اور توجہ نہ دینے کی وجہ سے پورے صوبے کے عوام میں پھیلی ہوئی بے چینی میں مزید اضافے کا سبب بن رہی ہے۔

شال بقیہ 26

کئی بلدیاتی انتخابات کیلئے 28 اگست 2022 کی تاریخ مقرر کی تھی، تاہم سیلاب اور بارشوں کے باعث ان حلقوں میں پولنگ کے عمل کو موخر کردیا گیا تھا جہاں پر اب پولنگ 27 ستمبر 2022 کو ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے جن چار اضلاع میں پولنگ ہوگی ان میں ضلع موسیٰ خیل کی چار یونین کونسلوں کی 30 وارڈز، ضلع دکی کی دو یونین کونسلوں کی 12 وارڈز، ضلع مستونگ کی چار یونین کونسلوں کی 22 وارڈز جبکہ لورالائی کی ایک یونین کونسل کی ایک وارڈ میں 27 ستمبر 2022 کو پولنگ ہوگی اس سلسلے میں تمام حلقوں میں مجموعی طور پر 67 پولنگ اسٹیشن قائم کئے گئے ہیں۔

شال بقیہ 27

گیا۔ نواب ثنااللہ خان زہری اور حاجی شریف خان خلجی بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان سمیت ملک بھر میں سیلاب نے تباہی مچادی ہے جس کے لئے وفاقی حکومت بھرپور اقدامات کررہی ہے۔ بلوچستان بھر اور بالخصوص صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بارشوں نے شدید نقصانات پہنچایا ہے اور آبنہ اوڑک، ناواں کل

پیپلز پارٹی کے دروازے تمام لوگوں کے لئے کھلے ہیں، بلند جوگیزئی

پارٹی جب بھی برسر اقتدار آئی اس نے عوامی خدمت کر کے لوگوں کے مسائل حل کئے، نواب ثناء اللہ زہری، روزی خان کاکڑ

خواتین کا معاشرہ میں کلیدی کردار ہے انکی شمولیت کے بغیر ترقی کا خواب ادھورا ہے بلوچستان کی حق دار خواتین کو بی آئی ایس پی میں شامل کیا جائیگا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے دروازے تمام لوگوں کے لئے کھلے ہیں پارٹی جب بھی برسر اقتدار آئی اس نے عوامی خدمت کر کے لوگوں کے مسائل حل کئے، خواتین کا معاشرہ میں کلیدی کردار ہے انکی شمولیت کے بغیر ترقی کا خواب ادھورا ہے بلوچستان کی حق دار خواتین کو بی آئی ایس پی میں شامل کیا جائیگا، شمولیتوں سے پارٹی فعال اور متحرک ہو رہی ہے۔ یہ بات چیف آف جھالاوان سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ زہری، پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ، صوبائی سیکرٹری اطلاعات سردار بلند جوگیزئی نے جمعرات کو نوابزادہ شاہ دین شاہوانی کی قیادت اور حاجی ضیاء اللہ کی سربراہی میں مستونگ سے تعلق رکھنے بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء چیف آف جھالاوان سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ زہری سے وفود ملاقات کر رہے ہیں

موجودہ وزیر اعلیٰ بلوچستان قدوس بزنجو عوامی ساکھ کھو چکے ہیں، میر اکرم بلوچ

قدوس بزنجو کو اپنے حلقہ انتخاب سے مستقبل تاریخ ہوتے دکھائی دے رہا ہے

اوتھل (نامہ نگار) پاک سرزمین پارٹی کے مرکزی سینئر رہنماء میر اکرم بلوچ آواران نے اپنے جاری کردہ بیان میں کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ وزیر اعلیٰ بلوچستان قدوس بزنجو عوامی ساکھ کھو چکے ہیں حالیہ دنوں قدوس بزنجو کا دورہ آواران کو عوام نے مسترد کرتے ہوئے ثابت کر دیا کہ آواران کی عوام سنجیدہ ہو چکی ہے انہوں نے کہا کہ قدوس بزنجو اپنے حلقہ انتخاب سے مستقبل تاریخ ہوتے دکھائی دے رہا ہے دورہ آواران کے موقع پر کسی قسم کا عوام پیکج اعلان نہیں کیا گیا جو چھلکے بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

اوستا محمد بائی پاس پر خیمہ بستی قائم مقام کر کے پچاس خاندانوں کو رہائش فراہم کیا گیا

جماعت اسلامی کی جانب سے سیلاب متاثرین کی امداد اور بحالی کیلئے کام جاری ہے

گنداخہ (نامہ نگار) جماعت اسلامی کے ذیلی ادارے الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام سیلاب متاثرین کی رہائش کیلئے اوستا محمد بائی پاس پر خیمہ بستی قائم مقام کر کے پچاس خاندانوں کو رہائش فراہم کیا گیا جماعت اسلامی ضلع اوستا محمد کے امیر حاجی خان جمالی اور خیمہ بستی کیمپ انچارج عبداللہ جمالی صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امیر جماعت اسلامی سراج الحق صاحب کی خصوصی ہدایت پر جماعت اسلامی کی جانب سے سیلاب متاثرین کی امداد اور بحالی کیلئے کام جاری بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

لورالائی، ڈسٹرک ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ناصر شیخ میاں و دیگر تاریخی مہم کے بارے تفصیلات بتا رہے ہیں

سیلاب سے متاثرہ اضلاع کے ہزاروں طلباء و طالبات نہم کلاس کی رجسٹریشن سے محروم ہیں، نورالدین غلزئی

طلبہ سمیت انکے والدین بے گھر ہو گئے ہیں ان کا سکولوں سے رابطہ نہیں ہے، ڈائریکٹر نیشنل ایسوسی ایشن قاری ایجوکیشن

ایسی صورت حال میں کئی علاقوں کے سکولوں میں پانی کھڑا ہے اور کئی سکول تاحال بند ہیں

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل ایسوسی ایشن قاری ایجوکیشن بلوچستان کے ڈائریکٹر نورالدین غلزئی نے بلوچستان بورڈ کی پالیسی کے حوالے سے بیان میں کہا کہ سیلاب سے متاثرہ اضلاع کے ہزاروں طلباء و طالبات نہم کلاس کی رجسٹریشن سے محروم ہیں، پچھلے سال جب حالات نارمل تھے تب بلوچستان بورڈ نے نہم کلاس رجسٹریشن میں توسیع کرتے ہوئے سنگل فیس 22 ستمبر ڈبل فیس 15 اکتوبر اور ٹرپل فیس کے 21 اکتوبر 2021 شیڈول ترتیب دیا۔ اس سال جب بارشوں اور بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

سی پی این ای اسلام آباد/ راولپنڈی کمیٹی کے قیام کا اعلان

سردار خان نیازی کمیٹی کے چیئرمین جبکہ یحییٰ خان سدوزئی ڈپٹی چیئرمین مقرر

کراچی (پ ر) کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز (سی پی این ای) کے صدر کاشم خان نے سی پی این ای اسلام آباد/ راولپنڈی کمیٹی کے قیام کا اعلان کر دیا ہے۔ سی پی این ای کے سیکریٹری جنرل عامر محمود کے جاری کردہ ایک اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ اسلام آباد/ راولپنڈی کمیٹی کے مقاصد میں اسلام آباد/ راولپنڈی سے تعلق رکھنے والے اخبارات و جرائد، صحافیوں، ایڈیٹرز اور میڈیا اداروں کے مسائل، آزادی اظہار اور آزادی صحافت کی علاقائی صورتحال اجاگر کرنا اور اس بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

پولیو کے خاتمے کیلئے ٹھوس حکمت عملی کے تحت اقدامات کرنا ناگزیر بن چکا ہے، سعید احمد عمرانی

ہماری ذرا بھر لاپرواہی کی وجہ سے تاحال پولیو کے مرض کا خاتمہ ممکن نہیں ہو سکا ہے

ژوب (خ ن) پولیو کے خاتمے کیلئے ٹھوس حکمت عملی کے تحت اقدامات کرنا ناگزیر بن چکا ہے ہماری ذرا بھر لاپرواہی کی وجہ سے تاحال پولیو کے مرض کا خاتمہ ممکن نہیں ہو سکا ہے آفیسران و پولیو ورکرز پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ پولیو مہم کے خاتمے کے لیے سنجیدگی کے ساتھ اقدامات کریں تاکہ ہم اپنی نئی نسل کو پولیو کی وباء سے محفوظ رکھ سکیں اور انہیں صحت مند معاشرہ فراہم کریں ان خیالات کا اظہار کمشنر ژوب ڈویژن سعید احمد عمرانی نے انسداد پولیو مہم کے حوالے سے بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

ایف سی بلوچستان کے تعاون سے انور فاؤنڈیشن خضدار نے سیلاب متاثرین میں راشن تقسیم کیا گیا

خضدار (این این آئی) ایف سی بلوچستان کے تعاون سے انور فاؤنڈیشن خضدار نے سیلاب متاثرین میں راشن تقسیم کیا گیا۔ مقامی سیلاب زدگان اور سندھ و دیگر علاقوں سے آئے متاثرین میں ایف سی بلوچستان کی بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

شہید اسلام مولانا محمد حنیفؒ کی یاد میں منعقدہ کانفرنس 30 ستمبر ہوگا، حلقہ محمود آباد

چمن (نامہ نگار) جمعیت علمائے اسلام ضلع چمن حلقہ محمود آباد کے امیر مولوی نصر اللہ نائب امیر مولوی فضل جان اطلاعات حافظ محمد اولیاء حقانی و دیگر اراکین عاملہ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ 30 ستمبر بروز جمعہ ظہر کو شہید اسلام کانفرنس بیاد شہید مولانا محمد حنیف رحمہ اللہ منعقد ہوگا کانفرنس کی تیاریاں عروج پر ہے کانفرنس میں عوام الناس کے بھرپور شرکت کرے گا۔ شہید اسلام بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

سید ذوالفقار شاہ جیلانی طبیعت ناساز ہونے کی وجہ سے کراچی کے نجی ہسپتال میں داخل

اوستہ محمد (این این آئی) السادات قومی اتحاد کی مرکزی چیئرمین سید ذوالفقار شاہ جیلانی کی طبیعت ناساز ہونے کی وجہ سے کراچی کے نجی ہسپتال میں داخل ہیں۔ ان کی صحتیابی کی دعا کیلئے تمام مریدان و شہری دعا کریں اللہ پاک ان کو جلد صحت یاب کرے آمین۔

JUI کا صوبائی حکومت میں شمولیت انکے پارٹی کا فیصلہ ہے، نصر اللہ زیرے

حکومت میں شمولیت کا کسی نے دعوت نہیں دیا، اپوزیشن میں رہ کر عوام کی نمائندگی کرینگے، رکن صوبائی اسمبلی

اپوزیشن کو اپنے دورہ حکومت میں دیوار سے لگا لیا تھا، جمعیت علماء اسلام کا صوبائی حکومت میں شمولیت انکے پارٹی کا فیصلہ ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوامیپ کے رکن صوبائی اسمبلی نصر اللہ زیرے نے کہا ہے کہ مجھے حکومت میں شمولیت کا کسی نے دعوت نہیں دیا، اپوزیشن میں رہ کر عوام کی نمائندگی کرینگے سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے اپوزیشن کو اپنے دورہ حکومت میں دیوار سے لگا لیا تھا، جمعیت علماء اسلام کا صوبائی حکومت میں شمولیت انکے پارٹی کا فیصلہ ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسمبلی اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، نصر اللہ زیرے نے کہا کہ عمران حکومت کے خاتمے کے بعد اپوزیشن کے اکثر جماعتیں اقتدار پر آئیں، تاہم سابق وزیر اعلیٰ نے اپوزیشن پر بکتر بند گاڑیاں چلائی، انہیں جیل میں بھی ڈالا جب انکی تاریکی دور حکومت ختم ہوئی اب اگر اپوزیشن میں سے حکومت بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

معصوم بچوں کو نشانہ بنانا بربریت ہے، رحمدل بلوچ

پنجگور (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے ضلعی آرگنائزر رحمدل بلوچ ڈپٹی آرگنائزر جلیل احمد سیلانی مرکزی کمیٹی کے رکن خلیل احمد قمبرانی سابق صدر نثار احمد ظفر بختیار نے رہزنوں کے ہاتھوں کمسن طالب علم کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا اور کہا کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانا بربریت ہے جسے پنجگور کے عوام اور بی این پی عوامی کسی بھی صورت برداشت نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کے مرکزی سیکریٹری جنرل و صوبائی وزیر زراعت میر اسد اللہ بلوچ بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

پشین بند روڈ پر واقع سرکاری فوڈ گودام میں ہزاروں بوریاں گندم مکمل طور پر خراب ہو گئی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پشین بند روڈ پر واقع سرکاری فوڈ گودام میں ہزاروں بوریاں گندم مکمل طور پر خراب ہو گئی ہیں جس سے شدید تشویش اٹھنے لگا ہے۔ شہر میں آٹے کی بڑھتی ہوئی قیمتیں دن بدن آسمان کی بلندیوں کو چھو رہی ہیں لیکن حکومتی عدم توجہی کے باعث فوڈ گودام میں ہزاروں بوریاں آسمان تلے خراب ہو چکی ہیں خراب شدہ ناقص گندم میں مبینہ طور پر چاول کی ساری اور مٹی وغیرہ شامل کیا گیا ہے شدید تشویش میں فوڈ گودام کے قریب سے گزرنا شہریوں کیلئے وبال بن گیا بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

حق دو تحریک اور پیپلز پارٹی شہید مجتبیٰ کے غمزدہ خاندان کے ساتھ ہے، آغا شاہ حسین بلوچ

پنجگور (این این آئی) پیپلز پارٹی مکران ڈویژن کے سیکرٹری اور حق دو تحریک پنجگور کے آرگنائزر آغا شاہ حسین بلوچ نے گزشتہ روز کمسن طالب علم مجتبیٰ پرویز کے رہزنی کی واردات کے دوران قتل کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ ایک معصوم بچے کو اس طرح بے دردی سے نشانہ بنانے والے معاشرہ کے ناسور ہیں جو کسی بھی رعایت اور رحم کے مستحق نہیں ہیں عوام اسطرح کے عناصر کی سرکوبی کے لئے آپس میں اتحاد پیدا کریں تاکہ یہ کل کسی دوسرے بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

لورالائی، ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر تحقیق الرحمن شاہوانی امن و امان کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شہری تیزی کے ساتھ ملیریا بخار سمیت مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں

لاکھوں روپے کا فنڈز ریلیز ہونے کے باوجود بارش کا پانی نہیں نکالا گیا، سنی تحریک

چیف آفیسر کی نااہلی کی وجہ سے شہری تیزی کے ساتھ ملیریا بخار میں مبتلا ہو رہے ہیں

اوستہ محمد (این این آئی) سنی تحریک کے مرکزی کمیٹی کے رکن شوکت لہری نے کہا کہ اوستہ محمد میں چیف آفیسر کی نااہلی کی وجہ سے شہری تیزی کے ساتھ ملیریا بخار میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ حکومت بلوچستان کی جانب سے دو ماہ میں مبینہ طور پر لاکھوں روپے کے فنڈز ریلیز ہونے کے باوجود شہر کے مختلف علاقوں شریف شاہ مل گروانڈ، قربان کالونی، حاتم شاہ کالونی سمیت دیگر محلوں میں بارش کا پانی ابھی تک نہیں نکالا گیا۔ چیف سیکریٹری بلوچستان اس جانب فوری نوٹس لیں اور حکومت بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

صحبت پور، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) جمیل احمد ٹینٹ سٹی میں انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈھاڈر میں سوئی گیس بندش اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے صارفین تنگ آ گئے

ڈھاڈر میں سوئی گیس کی ہمیشہ بحرانی کیفیت کی وجہ سے گیس صارفین پریشانی سے دوچار ہیں

بولان (این این آئی) ڈھاڈر میں سوئی گیس بندش اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے صارفین تنگ آ گئے احتجاجاً قومی شاہراہ بلاک کرنے کی دھمکی دھمکی دے دی۔ ڈاڈی ڈھاڈر اور گردونواح میں سوئی گیس کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ اور بعض علاقوں میں بندش سے گیس صارفین بھی تنگ آ گئے انہوں نے صحافیوں کو بتایا کہ ڈھاڈر میں سوئی گیس کی ہمیشہ بحرانی کیفیت کی وجہ سے بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

احسن اقبال کی باعزت بریت حق اور سچ کی فتح ہے، جمشید اختر شیخ

مخالفین نے من گھڑت اور بے بنیاد مقدمات بنا کر انہیں مہینوں جیل میں رکھا، مسلم لیگی رہنما

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی مجلس عاملہ کے رکن و مسلم لیگ (ن) لیڈرز ونگ کے صدر جمشید اختر شیخ نے سیکرٹری جنرل مسلم لیگ (ن) و وفاقی وزیر احسن اقبال کی ناروال اسپورٹس اسٹیڈیم کیس سے باعزت بریت کو حق اور سچ کی فتح قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے سے یہ باتیں ہو گئی کہ سابق حکومت بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے سیلاب متاثرین میں وبائی امراض میں تشویشناک اضافہ

بلوچستان و سندھ کے کے سیلاب متاثرین کی مشکلات میں کمی آنے کے بجائے روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے

متاثرین وبائی امراض میں جکڑتے جا رہے ہیں اور اسپتالوں میں ڈاکٹرز کی کمی کا بھی سامنا ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے سیلاب متاثرین میں وبائی امراض میں تشویشناک اضافہ ہو گیا ہے، میڈیا رپورٹس کے مطابق بلوچستان و سندھ کے کے سیلاب متاثرین کی مشکلات میں کمی آنے کے بجائے روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے، متاثرین وبائی امراض میں جکڑتے جا رہے ہیں اور اسپتالوں میں ڈاکٹرز کی کمی کا بھی سامنا ہے۔ بلوچستان کے ضلع نصیر آباد کے سیلاب متاثرین کیمپ اور ملیریا سمیت مختلف وبائی امراض کا شکار ہو رہے ہیں، ضلعی ہیڈ کوارٹرز اسپتال میں روزانہ 2000 سے زائد مریض آ رہے ہیں مگر کسی کو ڈاکٹر دستیاب نہیں تو کوئی دوائی کے لیے پریشان ہے جبکہ اسپتال میں ملیریا کی ویکسین بھی موجود نہیں ہے۔ دوسری جانب سندھ میں سیلاب اور بارش کے پانی کی عدم نکاسی سے بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

جاپان کے اعزازی قونسل جنرل سید ندیم شاہ سے میٹرو پولیٹن کارپوریشن کے ایڈمنسٹر عبدالجبار بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

حاجی سیف اللہ خان کاکڑ کا (آج) ملک بھر میں مہنگائی کیخلاف احتجاج کی کال کا خیر مقدم

امپورٹڈ سرکار نے غریبوں سے جینے کا حق بھی چھین لیا، صوبائی سینئر نائب صدر پی ٹی آئی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی سینئر نائب صدر حاجی سیف اللہ خان کاکڑ نے (آج) بروز جمعہ ملک بھر میں مہنگائی کے خلاف احتجاج کی کال کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ امپورٹڈ سرکار نے غریبوں سے جینے کا حق بھی چھین لیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید اضافہ امپورٹڈ سرکار کا غریبوں پر کاری وار ہے پوری دنیا میں پیٹرول سستا اور یہاں مہنگا ہو رہا ہے، حکومت ایک لیٹر پر قوم سے 63 روپے ٹیکس لے بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

سول اسپتال میں ڈاکٹر مریضوں کو علاج معالجہ کے بغیر اپنے روڈ سے باہر دھکے دے کر نکال رہے ہیں

ڈاکٹروں کو عوام کے علاج کیلئے رکھنا عوام سے دشمنی کا برابر ہے، ملک نصر اللہ مندوخیل

ژوب (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف ژوب شیرانی کے رہنماء صوبائی نائب صدر ملک نصر اللہ مندوخیل سردار نصیب اللہ کاکڑ شیخ اشرف خان صمد خان ایڈوکیٹ حضرت نور شیرانی اسلم خان حریفال نقیب اللہ کاکڑ محمد نور مندوخیل اور عبدالستار نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ ہسپتال میں ڈاکٹروں کی عدم موجودگی اور ہسپتال میں کئی عرصے سے ادویات کی عدم فراہمی سے غریب نادار مریضوں کو ڈاکٹر میڈیسن پرچیاں باہر میڈیکلوں کیلئے لکھ کر دیتے ہیں۔ بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

نصیر آباد، کمشنر بشیر احمد بنگلزئی میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کر رہے ہیں

لیویز فورس منگچر کی کارروائی چور گرفتار مسروقہ موٹر سائیکل برآمد

منگچر (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر منگچر محمد حنیف نورزئی، رسالدار میجر علی اکبر مینگل، ایس ایچ او لیویز تھانہ منگچر علی اصغر بچاری نے لیویز ٹیم کے ہمراہ کامیاب کاروائی کر کے موٹر سائیکل چور علی شیر ولد علی بخش قوم ابابکی سکنہ خضدار بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

تمام سرکاری محکمے اپنے بقایاجات فوری طور پر ادا کریں، وحید شریف عمرانی

بی (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل وحید شریف عمرانی کی صدارت میں ایک اجلاس منعقد ہوا جسمیں کیسکو سبی کی جانب سے تمام محکموں پر بقایا جات سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر کیپٹن (ر) محمد عامر، ڈی ایس پی محمد یونس، خزانہ آفیسر نوید بلوچ، ایگزیکٹو انجینئر واپڈا محمد وریام، ایگزیکٹو انجینئر پی ایچ ای فرخ بلوچ، پرنسپل ڈگری بوائز کالج بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

محکمہ قانون و پارلیمانی امور حکومت بلوچستان کے ایک اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) محکمہ قانون و پارلیمانی امور حکومت بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق جناب حکام (وزیر اعلیٰ بلوچستان) کی منظوری اور ڈائریکٹر کم ایڈیشنل سیکرٹری (پی پی ایس-19) کی آسامی کو ختم کرنے پر محکمہ قانون کے سعید اقبال ڈسٹرکٹ اٹارنی (بی/-19 قانون) کا تبادلہ کر کے انہیں ڈسٹرکٹ اٹارنی سریاب کوئٹہ تعینات کر دیا گیا ہے جبکہ انکے پیشرو امین اللہ بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

عمران نیازی تم سیاسی ہائی جیکر ہو، پورا سسٹم ہائی جیک کرنا چاہتے ہو، حافظ حمد اللہ

آپ کی اصل پریشانی اور خوف 5 میں سے ایک نام سے ہے، وہ کون ہے بتاتے کیوں نہیں؟ حافظ حمد اللہ

پی ڈی ایم مولانا کی زیر قیادت آپ کی بلیک میلنگ اور ہائی جیکنگ کی سیاست کا جنازہ پڑھیں گے، ترجمان پی ڈی ایم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے ترجمان حافظ حمد اللہ نے عمران خان کی تقریر پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ آپ کی اصل پریشانی اور خوف 5 میں سے ایک نام سے ہے، وہ کون ہے بتاتے کیوں نہیں؟۔ سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر پر جاری سلسلہ وار ٹویٹس میں حافظ حمد اللہ نے کہا کہ ایک گیدڑ نیازی تھا جو بھارت کیسامنے سرینڈر ہوا اور سقوط ڈھاکہ ہوا، ایک گیدڑ عمران نیازی تم ہو جو مودی کے سامنے سرینڈر ہوا تو سقوط کشمیر ہوا۔ انہوں نے کہا کہ جن نامعلوم کالوں سے تم دوسروں کو ڈرا کر فیصلے کرواتے تھے آج ان کالوں سے خوف کیوں؟ عمران نیازی تم سیاسی ہائی جیکر ہو، پورا سسٹم ہائی جیک کرنا چاہتے ہو۔ حافظ حمد اللہ نے بتایا کہ پی ڈی ایم مولانا کی زیر قیادت آپ کی بلیک میلنگ اور ہائی بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

ہزارہ ٹاؤن اور گردونواح میں نان بائیوں کی من مانیاں جاری

ڈبل کے نام پر 280 سے 300 گرام کی روٹی 50 روپے میں فروخت کی جا رہی

عوام پر مسط کی گئی خود ساختہ مہنگائی کو مسترد کرتے ہیں، سماجی رہنما کاشف حیدری

کوئٹہ (آن لائن) سماجی رہنما کاشف حیدری نے کہا ہے کہ ہزارہ ٹاؤن اور گردونواح میں نان بائیوں کی من مانیاں جاری، ڈبل کے نام پر 280 سے 300 گرام کی روٹی 50 روپے میں فروخت کی جا رہی، عوام پر مسط کی گئی خود ساختہ مہنگائی کو مسترد کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر اور ضلعی انتظامیہ ٹوئٹس لے کر کم وزن اور مہنگی روٹی فروخت کرنیوالے نان بائیوں کیخلاف کارروائی کر کے انہیں سرکاری نرخنامے پر روٹی فروخت کرنے کا پابند بنائیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز اپنے جاری کردہ اخباری بیان میں کہی، انہوں نے کہا کہ آٹے کی قلت اور مہنگائی سارے ملک میں ہے مگر نان بائیوں نے روٹی کی من چاہی قیمتیں بڑھا کر عوام کیساتھ سنگین مذاق شروع کر دیا ہے، جسے کسی صورت برداشت نہیں کرینگے۔ آئے روز نان بائی مہنگائی اور آٹے کی قیمتوں بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم سمیت دیگر سیاسی جماعتیں عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام ہو چکی ہیں، لالا یوسف خلجی

عوام کی ترقی و خوشحالی کیلئے والے اربوں روپے کرپشن اور خورد برد کی نظر ہو جاتے ہیں، سربراہ بلوچستان امن جرگہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالا یوسف خلجی نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم سمیت دیگر سیاسی جماعتیں عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام ہو چکی ہیں، عوام کی ترقی و خوشحالی کیلئے والے اربوں روپے کرپشن اور خورد برد کی نظر ہو جاتے ہیں، صوبے میں ترقیاتی مد میں رکھے گئے اربوں روپے سیلاب اور بارشوں سے متاثرین کی دوبارہ بحالی پر خرچ کئے جائیں، بلوچستان کی موجودہ صورتحال پر جلد ہی بلوچستان امن جرگے کے زیر اہتمام کل سطح پر آل بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

اس مشکل گھڑی میں متاثرین کو کبھی بھی تنہا نہیں چھوڑینگے، امتیاز محفوظ بلوچ

حکومت کے ساتھ ساتھ دیگر غیر سرکاری ادارے بھی ان متاثرین کی بحالی کے لیے اپنا کردار ادا کریں

خاران (نمائندہ خصوصی) اسسٹنٹ کمشنر امتیاز محفوظ بلوچ نے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے متاثرین کے بحالی کے لیے حکومت سمیت دیگر ادارے بھرپور کوشش کر رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انھوں نے خاران میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں او جی ڈی سی ایل کے جانب سے دیئے گئے راشن وغیرہ متاثرین میں تقسیم کے دوران کیا اس موقع پر او جی ڈی سی ایل کے ریجنل کوآرڈینیٹر اکرام اللہ کاسی بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

قبہ شیر خان شرقی حالیہ بارشوں اور سیلاب سے مکمل طور پر متاثر ہو چکی ہے

جہاں تاحال کوئی حکومتی کام نہیں نظر نہیں آ رہا ہے، حاجی عبدالغفار پندرانی

نصیر آباد (این این آئی) نصیر آباد کے قبہ شیر خان شرقی کے یونین کونسل 13، 22 کے کونسلر حاجی عبدالغفار پندرانی، میر سبز علی پندرانی، وڈیرہ عطا محمد ساسولی، حاجی روستم پندرانی، ڈاکٹر رسول بخش پندرانی، ڈاکٹر صوبہ خان ساسولی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ قبہ شیر خان شرقی حالیہ بارشوں اور سیلاب سے مکمل طور پر متاثر ہو چکی ہے جہاں تاحال کوئی حکومتی کام نہیں نظر نہیں آ رہا ہے، متاثرین کھلے آسمان تلے آباد ہے جہاں متاثرین مختلف مشکلات سے دوچار ہیں، حکومت کی جانب سے تاحال خیمے نا تو ان کو راشن دی جا رہی ہیں کچھ کام بارے نام کے نظر آ رہے ہیں جن کا نا ہونا بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

حکومت صحت کی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے، ڈپٹی کمشنر پشین یاسر خان بازئی

ہسپتالوں میں مریضوں کو مفت علاج معالجہ اور مفت ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے

پشین (این این آئی) ڈپٹی کمشنر پشین یاسر خان بازئی نے کہا ہے کہ صحت اور تعلیم ہمارے بنیادی شعبے ہیں، تعلیمی اداروں اور صحت کے مراکز میں ڈیوٹی سے غیر حاضری اور اپنے فرائض سے غفلت کو کسی بھی صورت میں برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتال پشین کے دورے کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبداللہ دوتانی بھی موجود تھے، ڈپٹی کمشنر نے ضلعی ہیڈ کوارٹر کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور سٹاف حاضری کا ریکارڈ چیک کیا اس کے علاوہ ہسپتال میں صحت صفائی اور علاج معالجہ کی سہولیات کا جائزہ لیا اور دیگر انتظامات کے نظام کو مزید بہتر اور موثر بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

سیکرٹری مواصلات و تعمیرات علی اکبر بلوچ سبی زون میں ترقیاتی اسکیمات کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عمران خان اقتدار سے علیحدگی کے بعد سے بیمار ذہنیت کا شکار ہیں، سلیم رضا

عوام کو نہ گھبرانے کا درس دیتے ہوئے عمران خان نے خود گھبرانا شروع کر دیا ہے

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ عمران خان اقتدار سے علیحدگی کے بعد سے بیمار ذہنیت کا شکار ہیں، اداروں کیخلاف منفی پراپیگنڈا کر کے عمران خان ملک میں فسادات کرنا اور عوام کو لڑانا چاہتے ہیں، عوام کو نہ گھبرانے کا درس دیتے ہوئے عمران خان نے خود گھبرانا شروع کر دیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران خان ملک کو کمزور کرنا چاہتے ہیں تحریک انصاف جماعت نہیں بلکہ فتنہ ہے جو ملکی بنیادوں کو تباہ کرنے میں مصروف ہے عمران خان بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

23 ستمبر کو دنیا بھر میں پشتون کلچر ڈے منایا جا رہا ہے، لطیف کاکڑ، ملک شعیب کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن جنوبی پشتونخوا زون آرگنائزنگ ہادی کے ڈپٹی آرگنائزر لطیف کاکڑ، ڈپٹی آرگنائزر ملک شعیب کاکڑ، آرگنائزر عزیز آرین، آرگنائزر ڈاکٹر مزمل پانیزئی، مامون شہبون، صبور کاکڑ، محمد دین خلجی، ظفر دمڑ، حبیب شیرانی، یونس موسیٰ خیل، مایز آتا، عارف اچکزئی، بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

پاکستان میں سیلاب، بارشوں سے 481 ارب روپے کی فصلیں اور اجناس تباہ

پاکستان میں سیلاب، بارشوں کے باعث اربوں روپے کی فصلیں، فروٹ، سبزیاں اور اجناس تباہ ہوئیں، رپورٹ

پاکستان میں مون سون بارشوں اور سیلاب کے باعث ہر طرف تباہی اور قیامت صغرا کے مناظر دیکھنے کو نظر آ رہے ہیں

کراچی (این این آئی) حالیہ بارشو